آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز منگل 08 دسمبر 2020ء بمطابق 21 ربیع الثانی 1441ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 334

امن وامان بحال، پی ایس ایل میچز کیلئے لڑنا پڑا تو ضرور لڑوں گا، وزیراعلیٰ بلوچستان

بین الاقوامی معیار کے 33 سپورٹس کمپلیکسز سے کھلاڑیوں کو فائدہ بلکہ وہ ملکی و بین الاقوامی سطح پر بلوچستان کا نام روشن کریں گے کھیل کا شعبہ ماضی میں نظر انداز رہا ابھرتا ہوا بلوچستان کے نام سے نیا سلوگن متعارف کرایا ہے

حکومتی مدت میں بہت سے چیزیں بہتر کی ہیں بلوچستان میں کرکٹ پسماندہ رہا کرکٹ کے قومی کھلاڑی آئیں اور بلوچستان کرکٹ اکیڈمی کیلئے صوبائی حکومت کا ساتھ دیں بلوچستان کی عوام سرفراز کے منتظر ہیں

کوئٹہ میں میچز کھیلیں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز سے بلوچستان یونیورسٹی کا قائم رشتہ ٹوٹنا جارہا ہے ندیم عمر بلوچستان سے متعلق اپنے وعدے وفا کریں پی سی بی کو اسٹرکچر چینج کرنا پڑے گا بلوچستان میں انٹرنیشنل کرکٹ میچ ہوں، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن وامان بحال ہوا ہے پی ایس ایل میچز کیلئے لڑنا پڑا تو ضرور لڑوں گا بین الاقوامی معیار کے 33 سپورٹس کمپلیکسز سے کھلاڑیوں کو فائدہ بلکہ وہ ملکی و بین الاقوامی سطح پر بلوچستان کا نام روشن کریں گے کھیل کا شعبہ ماضی میں نظر انداز رہا ابھرتا ہوا بلوچستان کے نام سے نیا سلوگن متعارف کرایا ہے حکومتی مدت میں بہت سے چیزیں بہتر کی ہیں بلوچستان میں کرکٹ پسماندہ رہا کرکٹ کے قومی کھلاڑی آئیں اور بلوچستان کرکٹ اکیڈمی کیلئے صوبائی حکومت بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	2:00
عصر	4:00
مغرب	5:45
عشاء	07:45

اہل تشیع

فجر صبح	04:15
ظہر دن	01:00
مغرب دن	07:27

راولپنڈی: وزیراعظم عمران خان اے این ایف کے اعلیٰ افسران کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

جام کمال مضبوط اپوزیشن کا تحریک عدم اعتماد ناکامی سے دوچار ہوگی، قدوس بزنجو

اسمبلی عوام کا بہت بڑا فورم جہاں منتخب نمائندے اپنے لوگوں کے مسائل اجاگر کرتے ہیں بحیثیت کسٹوڈین ہاؤس چلانا میرا کام ہے تاہم حکومتی وزراء اور اپوزیشن دونوں ہاؤس کو سنجیدہ نہیں لے رہے ہیں

بلوچستان پاکستان کا مستقبل ہے میڈیا کا ناروا سلوک افسوسناک ہے، احتجاج، جلسہ جلوس پی ڈی ایم کا جمہوری حق، بلوچستان حکومت نے کسی کو احتجاج سے نہیں روکا، اسپیکر بلوچستان اسمبلی

تاہم یہ سب کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ سرکاری ونجی املاک کو نقصان نہ پہنچائیں بلکہ حکومت کے ساتھ تعاون کرے، پی ڈی ایم جلسے میں کورونا ایس او پیز کا خیال رکھیں

کوئٹہ (آن لائن) اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال مضبوط اپوزیشن کا تحریک عدم اعتماد ناکامی سے دوچار ہوگی اسمبلی عوام کا بہت بڑا فورم جہاں منتخب نمائندے اپنے لوگوں کے مسائل اجاگر کرتے ہیں بحیثیت کسٹوڈین ہاؤس چلانا میرا کام ہے تاہم حکومتی وزراء اور اپوزیشن دونوں ہاؤس کو سنجیدہ نہیں لے رہے ہیں، بلوچستان پاکستان کا مستقبل ہے میڈیا کا ناروا سلوک افسوسناک ہے، احتجاج، جلسہ جلوس پی ڈی ایم کا جمہوری حق ہے، بلوچستان حکومت نے کسی کو احتجاج سے نہیں روکا، تاہم یہ سب کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ سرکاری ونجی املاک کو نقصان نہ پہنچائیں بلکہ حکومت کے ساتھ تعاون کرے، پی ڈی ایم جلسے میں کورونا ایس او پیز کا خیال رکھیں، انہوں نے سیکرٹری اسمبلی کو ہدایت کی کہ اسمبلی میں میڈیا حال میں سہولیات کی بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی کو پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی بلوچستان کی سالانہ رپورٹ 2020 سے متعلق بریفنگ دی جارہی ہے

پی ڈی ایم کی تاریخ ساز تحریک کا آخری جلسہ لاہور میں ہوگا، فضل الرحمن

حکومت نے معیشت کو زمین بوس کرکے عوام کو نان شبینہ کا محتاج بنادیا ہے

آئین کی بات کرنے والوں کو غداری کے القابات سے نوازا جاتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے وفاقی وزارت داخلہ کی سیاسی ومذہبی جماعتوں کے مسئلے جنہوں سے متعلق مراسلے کو بدنیتی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کی تاریخ ساز تحریک کا آخری جلسہ لاہور میں ہوگا حکومت پی ڈی ایم کی جلسوں سے بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر سیاسی دباؤ بڑھانے کی ناکام کوشش کررہے ہیں حکومت نے معیشت کو زمین بوس کرکے عوام کو نان شبینہ کا محتاج بنادیا ہے آئین کی بات کرنے والوں کو غداری کے القابات سے نوازا جاتا ہے بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

ای ویزا پالیسی کو مزید فعال بنانے کیلئے وزیر خارجہ کی سربراہی میں اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم

پاکستان میں سیاحت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں آگے بڑھنے کے بہت سے مواقع موجود ہیں، وزیر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) ای ویزا پالیسی کو مزید فعال بنانے کیلئے وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی کی سربراہی میں اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کردی گئی۔ وزیراعلیٰ سطحی کمیٹی برائے ای ویزا پالیسی کا پہلا اجلاس وزارت خارجہ میں وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں وزیراعظم بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

پٹ فیڈر کینال ایکسٹینشن پروجیکٹ میں 59 کروڑ روپے کی کرپشن کا انکشاف،

نیب بلوچستان نے پروجیکٹ ڈائریکٹر، فرم کنسلٹنٹ سمیت 16 افراد کے خلاف ریفرنس احتساب عدالت میں دائر کردیا

کوئٹہ (این این آئی) قومی احتساب بیورو بلوچستان نے پٹ فیڈر کینال ایکسٹینشن پروجیکٹ میں 59 کروڑ روپے زائد کی کرپشن کی تحقیقات مکمل کرتے ہوئے پروجیکٹ ڈائریکٹر محکمہ آبپاشی بلوچستان، شیر زمان، نیشنل ڈویلپمنٹ کنسلٹنٹس فرم کے کنسلٹنٹ محمد فاروق سمیت 16 افراد کے بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

دنیا میں کورونا کی 6 سے 8 ویکسین چل رہی ہیں، 2 سے 3 ویکسین کے نتائج اچھے آرہے ہیں، فیصل سلطان

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر فیصل سلطان نے کہا ہے کہ دنیا میں کورونا کی 6 سے 8 ویکسین چل رہی ہیں، 2 سے 3 ویکسین کے نتائج اچھے آرہے ہیں۔ ایک انٹرویو میں معاون خصوصی ڈاکٹر فیصل سلطان نے کہا کہ ابھی دیکھ رہے ہیں کہ پاکستان کورونا کی کون سی ویکسین استعمال کرسکتا ہے، ہمیں ایک سے زیادہ ذرائع بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

پیر غائب کے سیاحتی مقام کو سیاحوں کیلئے کھولا نہیں جاسکا کئی سیاح واپس لوٹ گئے

سیاحتی مقام پر سیاحوں کے آنے کا شیڈول مرتب کرکے 10 روز میں کھول دیا جائیگا، ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پیر غائب کے سیاحتی مقام کو سیاحوں کیلئے کھولا نہیں جاسکا کئی سیاح واپس لوٹ گئے حکومت بلوچستان کے ترجمان کا کہنا ہے کہ سیاحتی مقام پر سیاحوں کے آنے کا شیڈول مرتب کرکے 10 روز میں کھول دیا جائیگا، تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے یکم دسمبر بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

پشاور کے عوام نے بھی پی ڈی ایم کا جلسہ مسترد کردیا، گلگت بلتستان عوام نے عمران خان سے محبت کا ثبوت دیا، مراد سعید

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مراد سعید نے کہا ہے کہ پشاور کے عوام نے بھی پی ڈی ایم کا جلسہ مسترد کردیا، گلگت بلتستان عوام نے عمران خان سے محبت کا ثبوت دیا، پاناما لیکس میں ان کی کرپشن اور لوٹ مار سامنے آئی، نواز شریف حسن، حسین، علی عمران، اسحاق ڈار، سلیمان شہباز لندن میں بیٹھے ہیں۔ ایک انٹرویو میں وفاقی وزیر نے کہا کہ پی ڈی ایم بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو اسمبلی عمارت کا معائنہ کررہے ہیں

سیاسی اور مذہبی جماعتوں کی ملیشیاز کے افعال کا جائزہ لینے کی ہدایت

یہ ملیشیاز اپنے آپ کو ایک عسکری تنظیم کی طرح سمجھتی ہیں جو آئین کی دفعہ 256 اور نیشنل ایکشن پلان کے نکات نمبر 3 کی سنگین خلاف ورزی ہے

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزارت داخلہ نے بلوچستان میں سیاسی اور مذہبی جماعتوں کی تشکیل دی گئی ملیشیاز کے افعال کا جائزہ لینے کیلئے چیف سیکرٹری بلوچستان فضیل اصغر کو ہدایت کردی گئی مراسلے میں کہا گیا کہ مشاہدے میں یہ بات آئی ہے کہ کچھ سیاسی اور مذہبی جماعتوں نے اپنی ملیشیاز قائم کررکھی ہیں بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ میں گیس سلنڈر پھٹنے سے خاتون جھلس کر زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں گیس سلنڈر پھٹنے سے خاتون جھلس کر زخمی۔ تفصیلات کے مطابق پیر کو کوئٹہ کے علاقے نواں کلی کلی کوتوال بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بولان کے علاقے میں ٹریفک حادثہ تین افراد جاں بحق چار زخمی

بولان (این این آئی) بولان کے علاقے میں ٹریفک حادثہ تین افراد جاں بحق چار زخمی، لیویز کے مطابق پیر کو بولان میں درگشن کے قریب بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

سندھ بلوچستان یکطرفہ قومی شاہراہ این اے 65 نے خونی چادر اوڑھ لی

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) سندھ بلوچستان یکطرفہ قومی شاہراہ این اے 65 نے خونی چادر اوڑھ لی تین روز میں ٹریفک حادثات میں بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں ٹیلی ہیلتھ کلینک کا منصوبہ کامیابی سے جاری

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں ٹیلی ہیلتھ کلینک کا منصوبہ کامیابی سے جاری ساڑھے چار ماہ کے دوران 6 مراکز میں صحت بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

آٹا، چینی، پیاز، ٹماٹر اور آلو سمیت 13 ضروری اشیا کی قیمتوں میں کمی واقع ہوئی، سیکرٹری خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) مشیر خزانہ حفیظ شیخ کی زیر صدارت اجلاس میں مانیٹرنگ کمیٹی نے اشیائے ضروریہ کی قیمتیں کم ہونے کے بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

این سی او سی نے ملک بھر کے جیل عملے اور قیدیوں کیلئے ایس او پیز جاری کردیں

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سنٹر (این سی او سی) نے ملک بھر کے جیل عملے اور قیدیوں کیلئے ایس او پیز جاری کردیں، بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

ہائیکورٹ نے کابینہ کمیٹی برائے نجکاری کی تشکیل اور مشیروں کی شمولیت غیر قانونی دیدی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے کابینہ کمیٹی برائے نجکاری کی تشکیل اور اس میں مشیروں کی شمولیت غیر قانونی دے دی۔ بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

بھارتی حکومت کی پنجاب کے خلاف پالیسیاں شرمناک اور بے رحم ہیں، فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ بھارتی حکومت کی پنجاب کے خلاف پالیسیاں شرمناک بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر

موقع کا انتظار ہیں جیسے ہی موقع ملتا ہے بلوچستان حکومت کو گرادینگے

سردار اختر مینگل

دیر آئے درست آئے اب سیاسی جماعتوں نے پی ڈی ایم کا وجود رکھا ہے تو یہ حقیقی جمہوری اداروں کی مضبوطی ملک میں عوامی نمائندوں کی حکمرانی کے حوالے سے قوم کے لیے خوشی کی نوید ہے

بلوچستان میں کسی بھی شاہراہ پر آپکو کہیں یوٹرن کا بورڈ نہیں ملے گا بلوچستان کی سیاست کو پٹڑی پہ لانے کے لیے لاپتہ افراد کا مسئلہ تھا ہمارے چھ نکات میں لاپتہ افراد کا مسئلہ سرفہرست تھا

لسبیلہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ اور رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل کراچی میں میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

پی ڈی ایم کی سیاسی جمہوری قیادت ہی ملک کی عالمی تنہائی ختم کرسکتی ہے، عبدالرحیم زیارتوال

موجودہ سلیکٹڈ اور مسلط حکومتیں عوام کی نمائندہ نہیں، دیگر کا ضلع لورالائی میں احتجاجی جلسوں سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پی ڈی ایم کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ ملک کو تمام بحرانوں سے نجات پی ڈی ایم کی سیاسی جمہوری قیادت بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

مولانا فضل الرحمان پشتونوں کو گالیاں دینے پر اتر آئے ہیں، قاسم سوری

انسانی حقوق کی تنظیمیں فاشسٹ مودی حکومت کی بھارتی اقلیتوں مسلمان، سکھ اور دیگر کیخلاف مظالم کا نوٹس لیں

جب تک مولانا فضل الرحمان اقتدار میں تھے تو پشتون غیرت مند قوم تھی اور جب وہ پارلیمانی بے روزگار ہوگئے تو پشتونوں کو بے غیرت قرار دے رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی محمد قاسم خان سوری نے کہا ہے کہ جب تک مولانا فضل الرحمان اقتدار میں تھے تو پشتون غیرت مند قوم تھی اور جب وہ پارلیمانی بے روزگار ہوگئے تو پشتونوں کو بے غیرت قرار دے رہے ہیں انسانی حقوق کی تنظیمیں فاشسٹ مودی حکومت کی بھارتی اقلیتوں مسلمان، سکھ اور دیگر کیخلاف مظالم کا نوٹس لیں غریب کسانوں اور پرامن مظاہرین پر طاقت کا استعمال پریشان کن عمل ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے ایک بیان میں کیا محمد قاسم خان سوری نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان اپنے ذاتی مفاد کیلئے پشتون قوم کیلئے اس قدر اخلاق سے گری ہوئی بات پی ڈی ایم تحریک کی اصل حقیقت اور اقتدار کیلئے بے تابی وبدحواسی کو ظاہر کرتا ہے انہوں نے کہا کہ 22 سال سے جب مولانا فضل الرحمان اقتدار میں تو پشتون قوم غیرت مند تھی اور آج جب وہ پارلیمانی بے بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر بلدیات سردار محمد صالح بھوتانی کی وزیراعلیٰ جام کمال خان سے ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر بلدیات سردار محمد صالح بھوتانی کی وزیراعلیٰ جام کمال خان سے ملاقات مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، تفصیلات کے مطابق صوبائی وزیر بلدیات سردار محمد صالح بھوتانی نے وزیراعلیٰ بلوچستان بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

ضلع دکی میں اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے، مسعود لونی

دکی تا چمالنگ پانچ ارب روپے کی لاگت سے شاہراہ کی تعمیر پر بہت جلد کام کا آغاز کیا جائیگا

بیس کروڑ روپے کی لاگت سے منظور ہونے والے ڈی ایچ کیو ہسپتال پر بھی کام شروع ہوچکا ہے

دکی (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری جنگلات وجنگلی حیات سردار مسعود علی خان لونی نے کہا ہے کہ ضلع دکی میں اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے دکی تا چمالنگ پانچ ارب روپے کی لاگت سے شاہراہ کی تعمیر پر بہت جلد کام کا آغاز کیا جائیگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دکی پریس کلب بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

نیب بلوچستان نے رحمت صالح بلوچ کے اثاثوں کا سراغ لگالیا

سابق وزیر صحت کا اپنے بھائیوں، رشتہ داروں کے نام پر اکاؤنٹس بنا کر بھاری رقم جمع کرنے کا انکشاف،

نیب نے تحقیقات مکمل کرکے ریفرنس احتساب عدالت میں جمع کرادیا، ملزم نے اس دوران قیمتی اور پرتعیش گاڑیاں اور قیمتی زیورات بھی خریدے

کوئٹہ (این این آئی) قومی احتساب بیورو بلوچستان نے سابق وزیر صحت بلوچستان رحمت صالح بلوچ کے 28 کروڑ روپے سے زائد مالیت کے اثاثوں کا سراغ لگاتے ہوئے ریفرنس احتساب عدالت میں جمع کرادیا ہے۔ سابق وزیر صحت نے اپنے بھائیوں، رشتہ داروں کے نام پر بے نامی اکاؤنٹس بنا کر بھاری رقم جمع کی۔ نیب بلوچستان کو سابق وزیر صحت رحمت صالح بلوچ کے خلاف ملنے والی شکایت کی تحقیقات کے دوران انکشاف ہوا کہ سابق صوبائی وزیر نے وزارت کے دوران اپنے بھائیوں رشتہ داروں اور وزارت کے ملازم کو بے نامی دار بناتے ہوئے انکے نام پر ویک اکاؤنٹس بنائے جہاں کروڑوں روپے منتقل کئے گئے، جن رشتہ داروں کے نام پر اکاؤنٹس بنائے گئے وہ معمولی سرکاری ملازم تھے اور ان رقوم کی منتقلی کو ثابت کرنے میں ناکام رہے، مزید یہ کہ ملزم نے اس دوران قیمتی اور پرتعیش گاڑیاں اور قیمتی زیورات بھی خریدے۔ نیب کی تحقیقات اور ملزم کے خلاف ٹھوس شواہد کی روشنی میں احتساب عدالت کوئٹہ میں ریفرنس دائر کردیا گیا ہے۔

جمعیت علماء اسلام اور اس کی ذیلی تنظیمیں پرامن ہے، مولانا عبدالواسع

بوکھلاہٹ کا شکار سلیکٹڈ سرکار سے پی ڈی ایم کے کامیاب جلسے ہضم نہیں ہورہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر ورکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ انصارالاسلام ہے یو آئی کی ذیلی تنظیم جو جماعت کے جلسوں وجلوسوں میں سیکیورٹی کے فرائض انجام دیتی ہے، وفاقی حکومت کی سیاسی ومذہبی جماعتوں کے مسئلے جنہوں سے متعلق مراسلہ جاری کرنا بدنیتی پر مبنی عمل ہے، جمعیت علماء اسلام اور اس کی ذیلی تنظیمیں پرامن ہے، بوکھلاہٹ کا شکار سلیکٹڈ بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

ملک میں غریبوں کے لیے عدالتوں میں انصاف نہیں، ہسپتالوں میں علاج نہیں، سراج الحق

ممبر گرہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ ملک میں غریبوں کے لیے عدالتوں میں انصاف نہیں، ہسپتالوں میں علاج نہیں، خلفائے راشدین نے گزشتہ 73 سالوں سے اسی نظام کو جاری رکھا جو انگریز کے دور میں قائم تھا، بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

کرپشن پر چلو پی ڈی ایم کیساتھ کوئی سمجھوتہ نہیں کریگی، سردار اسرار ترین

حکومت کہیں نہیں جارہی ہے 13 دسمبر کو لاہور کے جلسے سے بھی پی ڈی ایم کو کچھ ہاتھ نہیں آئیگا اور نہ ہی وزیراعظم اپوزیشن رہنماؤں کو این او دینگے

وفاق اور صوبے میں عوام کی منتخب حکومت ہے اسے سلیکٹڈ کہنا عوام کے ووٹ کی توہین کے مترادف ہے، رکن قومی اسمبلی

لورالائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، رکن قومی اسمبلی سردار اسرار ترین نے کہا کہ حکومت کہیں نہیں جارہی ہے 13 دسمبر کو لاہور کے جلسے سے بھی پی ڈی ایم کو کچھ ہاتھ نہیں آئیگا اور نہ ہی وزیراعظم اپوزیشن رہنماؤں کو این او دینگے انہوں نے کہا کہ عوام نے پانچ سال کا وقت بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

جرائم کو 25 فیصد بجائیں ٹوٹل بجٹ کا 40 فیصد دیا جائے، غفار لانگو

بلوچستان کے سالانہ بجٹ پی ایس ڈی سے منسلک کیا جائیں، سلمان مرزا

کوئٹہ (این این آئی) ایڈیٹر کونسل جرائد رجسٹرڈ بلوچستان کا ایک اجلاس زیر صدارت عبدالغفار لانگو منعقد ہوا اجلاس میں سیکرٹری جنرل سلمان مرزا سعید احمد فیصل درانی قاسم خان محمد سلطان لیزی وسیم احمد عابد شاہ محمد حنیف اسماعیل احمد زئی عبدالشکور سلمان خان محمد عالم اور دیگر ممبران نے شرکت بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

لسبیلہ: بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل کراچی میں میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

بلوچستان کی ساحلی پٹی پر جدید طرز کے پارک بنائے جارہے ہیں، لشری رند

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان صوبے میں سیاحت کے فروغ کیلئے دن رات اقدامات کررہے ہیں

سیاحت کے فروغ سے نہ صرف بلوچستان کے لوگ مستفید ہونگے بلکہ پورے پاکستان سے آئے ہوئے لوگ لطف اندوز ہونگے

کوئٹہ (ش ن) پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات محترمہ لشری رند نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان صوبے میں سیاحت کے فروغ کیلئے دن رات اقدامات کررہے ہیں۔ صوبے میں سیاحت کو فروغ دینے کیلئے حکومت بلوچستان تمام تر اقدامات کررہی ہے۔ صوبے بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

پڑھیں ماہنامہ وطن نوشکی کا تازہ شمارہ



بلوچستان کا کثیر الاشاعت بلوچی ماہنامہ گدروشیا کوئٹہ



بلوچستان کا کثیر الاشاعت براہوئی ماہنامہ آسیاب نوشکی



پڑھیں ماہنامہ پربت کوئٹہ کا تازہ شمارہ

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

08 دسمبر 2020ء

اونٹ اے اونٹ تیری کون سی کلی سیدھی

کہتے ہیں کہ اگر کسی فیصلے پر نیم دلی سے عمل کیا جائے تو اسکے منفی نتائج برآمد ہوتے ہیں۔ موجودہ حکومت بلا امتیاز احتساب اور لوٹی گئی قومی دولت واپس لانے کے وعدے کے تحت انتخابات جیت کر برسر اقتدار آئی ہیں۔ لیکن جس طرح احتساب اور تبدیلی کے عمومی نعرے کو شکست ہوئی وہ پوری قوم نے دیکھی۔ وزیر اعظم عمران خان کی حکومت نے ذرائع ابلاغ کی دنیا میں بھی کرپشن کے خلاف اقدامات کا آغاز کیا تھا۔ کرپشن میں ملوث محکمہ اطلاعات کے افسران واہلکاروں کے ساتھ ساتھ اشتہاری کمپنیوں کے ذمہ داران اور مالکان کی گرفتاریاں ہی عمل میں آئیں۔ ایسی ایک اشتہاری کمپنی کے مالکان دو سال حراست میں رہنے کے بعد واپس آئے تو انھوں نے اس مدت کے دوران ہونے والے نقصانات کے ازالے کیلئے اپنا دھندا زیادہ تیزی سے شروع کر دیا۔ قید سے رہائی پانے والے بدنام زمانہ اشتہاری کمپنی کے مالک نے نہ صرف دوبارہ سے اپنا کام شروع کر دیا بلکہ خود وفاقی حکومت اپنی بیشتر تشہیری مہم اس کمپنی کے سپرد کر رہی ہے۔ جس کا مقصود شائد اس کے نقصانات پورے کرنا ہو جس کی ذمہ داری کمپنی کے مطابق حکومت پر عائد ہوتی ہے۔ مذکورہ کمپنی نے گذشتہ تین سال سے اخباروں کے واجبات ادا نہیں کیئے ہیں۔ اور اب نہایت ڈھٹائی سے وہ یہ بہانے کرتے ہیں کہ دو سال جیل میں رہنے کے باعث ان کی معاشی حالت بہت خراب ہے لہذ وہ فی الحال واجبات کی ادائیگی کی پوزیشن میں نہیں ہیں۔ محکمہ اطلاعات سندھ کے جن افسران کو کرپشن کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھا۔ دو سال بعد رہائی کی صورت میں انھیں دوبارہ انکے سابقہ عہدوں پر بحال کر دیا گیا ہے اور وہ اخبارات خاص طور سے چھوٹے اخبارات کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ کمال یہ ہے کہ رشوت ستانی کے خلاف نیب کے اشتہار پر ہی اخبارات سے کمیشن وصول کیا جا رہا ہے۔ حکومت کی تبدیلی سے یہ مسئلہ حل نہیں ہوسکتا۔ نظام کہ اس بنیاد سے تبدیل کرنا ضروری ہے۔

علم وادب کا سرمایہ ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا

لقمان اسد

بلند پایہ نقاد، ماہر اقبالیات وماہر تعلیم، معروف شاعر، ممتاز محقق اور نامور ادیب ومصنف امریطس پروفیسر ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ علم وادب کے میدان میں انھوں نے جو کارہائے نمایاں انجام دیے ہیں، وہ اپنی مثال آپ ہیں۔ اکابرین ادب اور صاحبان فکر ونظر ان کی علمی وادبی خدمات کے معترف ہیں۔ ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا 23 مارچ 1940 کے تاریخی دن امرتسر میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد کا نام خواجہ غلام نبی ہے جو قیام پاکستان کے چند دن بعد امرتسر (بھارت) سے ہجرت کر کے پاکستان آگئے۔ ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا اپنی بچپن کی یادوں کا ذکر ان الفاظ میں کرتے ہیں۔ "اسکول جانے سے انھیں ڈر لگتا جس کی بنیادی وجہ یہ بنی کہ پہلے دن اسکول گئے تو استاد صاحب کے ہاتھوں بچوں کی پٹائی ہوتے دیکھ کر وہ بے حد خوف زدہ ہوگئے۔ اور اسکول جانے سے انکار کر دیا۔ اُن کی والدہ نے جو خود ایک اسکول میں پڑھاتی تھیں، انھیں گھر میں تعلیم دینا شروع کر دی۔ پھر کچھ عرصہ بعد ایک اور پرائمری اسکول میں داخل کرا دیا۔ تیسری جماعت کا امتحان قریب تھا تو اس وقت تقسیم کا وقت قریب آنے کے سبب شہر کے سیاسی موسم کا درجہ حرارت اپنے نقطہ عروج پر پہنچ چکا تھا۔ شہر کے چاروں اطراف، جلسے، جلوس اور ریلیاں نظر آتی تھیں۔ شعلہ بیاں مقررین عوامی اجتماعات کو گرما رہے تھے۔ 1945-1946ء کے عام انتخابات اُن کے حافظے میں اچھی طرح نقش ہیں۔

دوسری جنگ عظیم نے جہاں بڑے بڑے ملکوں کی معیشت کو زمیں بوس کر دیا، وہاں عام آدمی پر بھی ان حالات کا گہرا اثر پڑا۔ ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا کا گھرانہ بھی مذکورہ حالات کے پیش نظر غربت میں گھر چکا تھا۔ ان کے والد نے شہر میں چھوٹا موٹا کاروبار شروع کر رکھا تھا ایک دن وہ معمول سے ہٹ کر جلدی میں دکان سے گھر واپس آگئے اور گھر والوں سے کہا جلدی سے ضروری اشیاء، زیور اور کپڑے وغیرہ سمیٹ لیں کیونکہ فوری طور پر انھیں یہ گھر اور محلہ چھوڑنا ہے۔ چونکہ اس علاقہ کی زیادہ تر آبادی سکھوں اور ہندوؤں پر مشتمل تھی اس لئے یہاں حملے کا شدید خطرہ تھا۔ ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا کے والد نے اپنی بیوی اور بچوں کو تانگہ پر بٹھایا اور شریف پورہ کی ایک بستی میں پہنچ گئے۔ یہاں مسلمانوں کی اکثریت تھی۔ دور دراز کے علاقوں سے مسلمان اپنے گھر بار چھوڑ کر یہاں شفٹ ہو رہے تھے۔ یہ علاقہ اس وقت محفوظ تصور کیا جا رہا تھا۔ ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا کے بقول: "ہماری نقل مکانی کے دو تین گھنٹے بعد ہمارے محلے پر حملہ ہوگیا۔ ہماری خوش قسمتی تھی کہ ہم بچ گئے"۔ ہر طرف ڈر اور خوف کا عالم تھا۔ اس پرخوف اور پرخطر فضا میں ان کا خاندان ٹرین کے ذریعے پاکستان پہنچ گیا۔ کچھ دن لاہور میں قیام کے بعد ان کے والد اپنے گھرانے کے ساتھ جھنگ چلے گئے۔ ان کے چند عزیز واقارب پہلے سے یہاں مقیم تھے۔ خواجہ محمد زکریا نے پرائمری، مڈل، میٹرک اور انٹرمیڈیٹ تک کی تعلیم جھنگ ہی سے حاصل کی۔ جھنگ میں جن نامور شخصیات کو انھیں قریب سے دیکھنے کا موقع ملا ان میں نوبل انعام یافتہ سائنس دان ڈاکٹر عبدالسلام بھی شامل ہیں۔ ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا ڈاکٹر عبدالسلام کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار اس انداز میں کرتے ہیں۔ "وہ نہایت لائق آدمی تھے۔ جھنگ میں قیام کے دوران میں نے انھیں دو بار ادبی محفلوں کی صدارت کرتے دیکھا۔ ڈاکٹر عبدالسلام کا ادبی ذوق بہت اچھا تھا۔ انگریزی ادب سے بھی انھیں گہرا شغف تھا اور ایک زمانے تک وہ انگریزی میں ایم اے کرنا چاہتے تھے، اردو ادب میں بھی توجہ رہی۔ اسکول کے زمانے میں وہ مجید امجد کی ادارت میں نکلنے والے (جھنگ کے) مقامی اخبار "عروج" میں بھی کبھار لکھتے رہے۔

ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا نے گورنمنٹ کالج لاہور سے بی اے آنرز کرنے کے بعد جامعہ پنجاب سے 1962 میں اردو میں ماسٹر کی ڈگری حاصل کی اور 1962 ہی میں ان کی تقرری گورنمنٹ کالج لاہور میں بطور اردو لیکچرار ہوگئی۔ جولائی 1963 میں ان کا تقرر یونیورسٹی اورینٹل کالج لاہور میں بطور اردو لیکچرار برائے غیر ملکی طلبہ ہوا۔ 1970 میں اسسٹنٹ پروفیسر پروموٹ ہوئے۔ 1973 میں انھوں نے ہندی میں ڈپلومہ کیا۔ 1974 میں ان کے مقالہ "اکبر الہ آبادی: تنقیدی وتحقیقی مطالعہ" پہ انھیں ڈاکٹریٹ کی ڈگری عطا کی گئی۔ 1979 میں انھوں نے بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی ملتان میں اردو زبان کے پروفیسر کے طور پر تدریسی خدمات سرانجام دیں، اس دورانیے میں وہ صدر شعبہ اردو اور ڈین فیکلٹی آف لینگویجز کے عہدوں پر بھی فائز رہے۔ 1980 میں واپس اورینٹل کالج لاہور آگئے۔ 1984 میں صدر شعبہ اردو مقرر ہوئے جب کہ 1993 سے 1995 تک ڈین کلیہ علوم اسلامیہ والسنہ شرقیہ اور پرنسپل اورینٹل کالج کے فرائض سرانجام دیئے۔

پھر 1995ء کے وسط میں وہ یہاں سے اردو زبان کی تدریس کے لئے انسٹی ٹیوٹ آف لینگویجز کوما گانے جاپان چلے گئے۔ یکم اپریل 1999 کو جاپان سے واپس وطن عزیز پاکستان آگئے اور دوبارہ اورینٹل کالج لاہور کے پرنسپل مقرر ہوئے۔ 37 برس تک انتہائی لگن اور محنت کے ساتھ تدریسی خدمات انجام دینے کے بعد 22 مارچ 2000 کو وہ ریٹائرڈ ہوگئے۔ ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا نے ماسٹر کی سطح پر ایک سو سے زائد طلبہ کے تحقیقی مقالات لکھنے میں رہنمائی کی، اس کے علاوہ 37 ریسرچ اسکالرز نے ان کی زیر نگرانی پی ایچ ڈی کے مقالات تحریر کئے۔ جن میں وطن عزیز کے معروف ادیب ڈاکٹر انوار احمد، ڈاکٹر اے بی اشرف اور ڈاکٹر طاہر تونسوی شامل ہیں۔

ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا 40 کتابوں کے مصنف ہیں ان کی معروف تصانیف وتالیفات میں "اردو کی قدیم اصناف شعر (1964)، نئے پرانے خیالات (تنقیدی مضامین 1967)، پریم چند کے بہترین افسانے (تنقید/انتخاب 1975)، اقبال کا ادبی مقام (تنقید 1975)، اکبر الہ آبادی: تحقیقی وتنقیدی مطالعہ (مجلس ترقی ادب لاہور 1980) (اس کتاب پر انھیں 1980 میں داؤد ادبی انعام برائے تحقیق و تنقید دیا گیا)، کلیات مجید امجد مع غیر مطبوعہ کلام (سن وار ترتیب)، کلیات حفیظ جالندھری (مرتبہ)، کلیات عدم (مرتبہ)، انتخاب زریں: اردو نظم، انتخاب زریں: اردو غزل، اقبالیات۔ چند ہی جہات، شرح بانگ درا، تفہیم بال جبریل، urdu for Beginners (برائے غیر ملکی طلبہ) اور شعری مجموعہ "آشوب" اور "اقتدا" شامل ہیں۔

ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا کو ادبی وتعلیمی خدمات کے صلے میں حکومت پاکستان صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی کے اعزاز سے بھی نواز چکی ہے۔ ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا سچی اور کھری بات کرنے کے عادی ہیں۔

بیرون ممالک کے اپنے تجربات کے بارے میں بتاتے ہیں کہ "جاپانی معاشرے میں اکثر چیزیں بہت اچھی ہیں۔ بہت مکمل معاشرہ ہے۔ لوگ سمجھتے ہیں کہ کوئی ایسی بات یا عمل انھوں نے کر دیا جو کسی ساتھی کے لئے تکلیف کا باعث ہوسکتا ہے تو ان کی زبان پر فوراً معذرت کا لفظ آجاتا ہے۔ سڑک پر چلتے ہوئے اگر کسی کی قمیص آپ کو چھو جائے تو وہ آپ سے معافی مانگیں گے۔ جاپان میں چار برسوں میں میں نے کسی کو چیختے نہیں دیکھا۔ جن افراد سے میرا واسطہ رہا انھوں نے مجھ سے جھوٹ نہیں بولا۔ محنتی لوگ ہیں، جس طالب علم کو اسائنمنٹ دی، اس نے متعین کردہ وقت میں اسے پورا کیا۔ ایک برس بیجنگ یونیورسٹی چین میں بھی پڑھایا۔ چین نے بہت معاشی ترقی کی ہے لیکن ان کے بعض رویے روبہ اصلاح ہیں"۔

ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا کو قدرت نے بلا کا حافظہ عطا کر رکھا ہے۔ شہرہ آفاق شاعر مجید امجد جن سے انھیں بے پناہ لگاؤ ہے، ان کا بہت سا کلام انھیں حفظ ہے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ "شاید قدرت مجید امجد ہی سے ملانے انھیں جھنگ لے گئی۔ ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا کے بقول: "مجید امجد کا تعلق جھنگ سے تھا لیکن وہ ملازمت کے سلسلہ میں ساہیوال میں مقیم تھے۔ شاعر ادیب عموماً کسی کی تعریف نہیں کرتے لیکن ان کی ہر کوئی تعریف کرتا جس سے مجھے تعجب ہوتا تھا۔ میں جھنگ میں مشاعروں میں شریک ہوتا تھا۔ ایک دن پتا چلا کہ مجید امجد آئے ہیں اور اپنے دوست شیر محمد شعری کے ہاں ہونے والی شعری نشست میں بھی شرکت کریں گے۔ مجھے اُن سے ملنے کا بڑا اشتیاق تھا، اس لئے میں وہاں پہنچ گیا۔ اس دن میری ان سے پہلی ملاقات (1957) میں ہوئی۔ اس کے بعد وہ جب بھی جھنگ آتے ان سے ملتا رہتا۔ 1958 میں "شب رفتہ" چھپی جس کے بعد جھنگ آئے تو کتاب پر ان سے آٹوگراف مانگا تو انھوں نے غالب کا فارسی شعر لکھ کر نیچے "امجد" لکھا۔ کہنے لگے "غالب کا فارسی کلام پڑھا ہے؟" میں نے نفی میں جواب دیا تو کہا کہ "وہ فارسی کا بہت اچھا شاعر ہے، اسے پڑھنا چاہیے"۔

ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا نے کلیات مجید امجد تدوین کی اور ان کی شاعری کے باب میں رقمطراز ہیں "مجید امجد اس لئے مجھے پسند ہے کہ ان کے ہاں قطعاً تکرار نہیں۔ وہ اپنے آپ کو دہراتے نہیں۔ اتنا بڑا کلیات ہے مگر اس میں قریب قریب ہر نظم مختلف موضوع پر ہے۔ قریب قریب ہر نظم مختلف اسلوب میں ہے۔ وہ واحد شاعر ہیں جنھیں عربی فارسی، ہندی اور خالص اردو اسالیب پر عبور ہے۔ وہ ہر اسلوب میں بڑے کامیاب ہیں۔ اردو میں کوئی ایسا شاعر نظر نہیں آئے گا جو باقاعدہ کائنات کے جدید ترین نظریات سے واقف ہو، اور اسے اپنے لہو میں ملا کر شاعری بنا دے۔ ایک طرف تو اس کے ہاں مقامی رنگ اس قدر ہے، دوسری طرف وہ کائناتی موضوعات کو شاعری میں لاتے ہیں۔ ہمارے ہاں شاعر حیات اسے سمجھا جاتا ہے جو زندگی کی کشمکش میں شریک ہو لیکن میں شاعر حیات اسے سمجھتا ہوں جس کی شاعری میں ہر قسم کی حیات اپنے تنوع کے ساتھ موجود ہو۔ میں انھیں بار بار پڑھتا ہوں۔ اگر آپ ایک ادب پارے کو بار بار پڑھیں تو پھر بھی آپ سیر نہ ہوں تو وہ عظیم ادب ہے"۔

ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا ادب میں موازنوں کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار اس انداز میں کرتے ہیں "انھوں نے کبھی مجید امجد کو اقبال سے بڑا شاعر قرار نہیں دیا، اور وہ ادب میں ایسے موازنوں کے قائل بھی نہیں"۔

ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا کی زندگی کا پہلا اور آخری عشق صرف "کتاب" ہی ہے۔ وہ کتاب کے بارے میں اپنا مدعا یوں بیان کرتے ہیں "کتاب" میری زندگی ہے۔ میں کتاب کے بغیر زندہ رہنے کا تصور نہیں کر سکتا۔ میری زندگی میں اہم ترین چیز کوئی ہے تو وہ کتاب ہے"۔ وہ اپنے دور کے نامور اور شہرہ آفاق شعراء اور اکابرین ادب کے بارے میں بتاتے ہیں کہ "ابن انشاء، احسان دانش، احمد ندیم قاسمی وغیرہ سے ان کی بے پناہ ملاقاتیں رہیں۔ جوش ملیح آبادی سے بھی ان کی چار ملاقاتیں ہوئیں۔ حفیظ جالندھری کے ایک نثری مجموعے جس کا نام "نثرانے" ہے، اس کا انتساب ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا کے نام کیا۔ اسی طرح ممتاز شاعر احسان دانش نے اپنی آپ بیتی کے دوسرے حصہ "جہان دگر" میں ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا کا ذکر خوبصورت الفاظ میں کیا ہے۔ ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا علم و ادب کا سرمایہ اور اسلاف کی نشانی ہیں۔ وہ بذات خود ایک انجمن، ایک عظیم داستان اور ایک دبستان ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ کریم ان کا سایہ ہم پہ تادیر قائم رکھے، انھیں صحت وسلامتی عطاء کرے اور وہ اسی طرح علم وادب کے چراغ روشن کرتے رہیں۔ آمین

ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا کے اس خوبصورت شعر کے ساتھ اختتام:

سوچا تھا جوانی میں دنیا کو بدل دیں گے
دنیا نے مگر ہم کو چپ چاپ بدل ڈالا

اسلام میں بنیادی انسانی حقوق

میر افسر امان

یہود ونصارا کی لونڈی اقوام متحدہ ۱۰ دسمبر کو نام نہاد انسانی حقوق کا دن منا رہی ہے۔ انسان کو تو قرآن شریف سے انسانی بنیادی حقوق پر رہنمائی ملتی ہے۔ اللہ جل جلالہ نے پہلے کن فیکون کہہ کر کائنات کو پیدا کیا۔ پھر انسان کو اپنی قدرت کمالہ سے پیدا کیا۔ آدم اور ہوا کو بنیادی انسانی حقوق دے کر برابری کی بنیاد پر جنت میں رکھا۔ آدم اور ہوا سے انسانوں کی نسل آگے بڑی۔ شروع شروع میں انسانوں میں حقوق کی کوئی لڑائی نہیں تھی۔ سب اللہ کے احکامات کے مطابق ایک دوسرے کے حقوق ادا کرتے تھے۔ پھر جب آدم کے دو بیٹوں میں سے ایک کی قربانی اللہ جل جلالہ نے قبول کی تو دوسرے میں حسد پیدا ہوئی۔ اُس نے قربانی قبول ہونے والے اپنے بھائی سے ذبردستی انسانی حقوق حاصل کرنے کے لیے کہا، میں تمھیں قتل کر دوں گا۔ مگر اُس نے جواب دیا، میں تو ایسا نہیں کروں۔ تم ہی یہ گناہ سمیٹو۔ قربانی قبول نہ ہونے والے نے اپنے نیک بھائی، جس کو اللہ جل جلالہ نے اس کے عمل کے بدلے بنیادی انسانی حقوق دیے تھے، تعصب میں آکر قتل کر دیا۔ اس کے لاش کو ٹھکانے لگانے کے لیے سوچنے لگا۔ ایک کوے کو زمین کھودتے دیکھ کر اسے عقل آئی۔ پھر زمین کھود کر اپنے بھائی کو زمین میں دفن کیا۔ اسی دن سے انسانوں میں بنیادی حقوق کی لڑائی شروع ہوئی، جو آج تک جاری ہے۔

ہمارے پیارے پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ جل جلالہ کے احکامات کے تحت مدینے کی اسلامی فلاحی ریاست قائم کی۔ پھر ان میں انسانی حقوق استعمال کر کے دنیا کے سامنے نمونہ قائم کیا۔ جب مہاجر مکہ سے ہجرت کر کے آئے تو رسول اللہ نے مہاجرین اور انصار میں بنیادی انسانی حقوق کے تحت اخوت کا نظام قائم کیا۔ یہودی اقلیت کے ساتھ برابری کی بنیاد پر میثاق مدینہ قائم کیا۔ پھر اللہ جل جلالہ نے دین مکمل ہونے کا اعلان کیا۔ رسول اللہ نے خطبہ حجۃ الوداع میں انسانی بنیادی حقوق کا پہلا چارٹر بیان کیا۔ کہا کہ انسان سب برابر ہیں۔ انسان کے مال ناجائز طریقے سے حاصل کرنا حرام قرار دیا۔ عربی کو عجمی پر کوئی فضیلت نہیں۔ گورے کو کالے پر فضیلت نہیں۔ سب میں تقویٰ کی بنیاد پر فضیلت ہے۔ عورتوں کے حقوق کے بارے میں اللہ سے ڈرنے کی ہدایات دیں۔ غلاموں کو جو خود کھاتے ہو، وہی کھلاؤ۔ جو خود پہنتے ہو وہی پہناؤ۔ جہالت کے سارے قانون ختم کر دیے۔

جہالت کے سود کو ختم کیا گیا۔ خلفاء راشدین نے رسول اللہ کے بتائے ہوئے طریقوں پر عمل کر کے انسانی بنیادی حقوق کو برت کر مثالیں قائم کیں۔ ابوبکر صدیق نے تجارت کرنے کا اپنا بنیادی انسانی حق چھوڑ کر ایک عام انسان جتنا خرچہ کا وظیفہ لے کر اسلامی سلطنت کی سربراہی کی ریت قائم کی، جسے بعد میں خلفائے راشدین نے عمل جاری رکھا۔ ایک عام شہری حضرت عمر سے معلوم کر سکتا ہے کہ یمن سے آئی ہوئی چادروں میں سے آپ کو ایک چادر ملی تھی۔ جو کرتا آپ پہنے ہوئے ہیں اس ایک چادر سے تو نہیں بن سکتا؟ حضرت عمر نے کہا کہ دوسری چادر میں نے اپنے بیٹے سے لے کر یہ کرتا سلایا ہے۔ حضرت عثمان نے بلوائیوں کو ریاستی طاقت استعمال کر کے منتشر نہیں کیا۔ بلکہ اپنے جینے کا بنیادی حق قربان کر کے اسلامی سلطنت کو انتشار سے بچایا۔ حضرت علی نے ایک مقدمے میں اپنی حکومت کے قاضی کا فیصلہ اپنے خلاف قبول کیا۔ ایک یہودی کے بنیادی حق کا پاس رکھا۔ کیا ایسی کوئی مثال اس دور کے حکمرانوں میں ملتی ہے؟

دنیا پر مسلمان حکمرانوں کے تیرہ سو سالہ دور حکومت میں انسانی بنیادی حقوق کی روشن اور درخشاں مثالیں قائم کیں۔ جن کو خود غیر مسلموں نے اپنی تاریخ کی کتابوں میں کھل کر بیان کیا ہے۔ جب ایک صحابی نے خیبر کی پیداوار کو برابر تقسیم کر کے یہودیوں کو حق دیا کہ جس ڈھیر کو چاہو اٹھالو۔ یہودی پکار اٹھے اور کہا کہ آسمان کے نیچے یہی انصاف ہے۔ یہودیوں کو اسپین اور ترکی میں کھلی آزادی تھی۔ عیسائیوں کے بھی بنیادی انسانی حقوق کا اسلامی دنیا میں خیال رکھا جاتا تھا۔

آج یہود ونصارا کی لونڈی اقوام متحدہ ہمیں انسانی بنیادی حقوق کا سبق پڑھانے نکلی ہے۔ انہوں نے ان بنیادی حقوق کو صرف اپنے مذہب کے لوگوں کے لیے مخصوص کر رکھا ہے۔ یہودیوں کو فلسطین میں برطانیہ کے بالفور معاہدے کے ذریعے ذبردستی داخل کیا۔ برطانیہ کی مدد سے یہودیوں نے فلسطین پر قبضہ کیا۔ فلسطینیوں کے بنیادی انسانی حقوق پامال کر کے اُن کو اُن کے گھروں سے نکال کر خود قبضہ کر لیا۔ فلسطینیوں کو اپنے وطن سے بے دخل کر کے دربدر کر دیا۔ پھر جب وہ مہاجر کیمپوں میں بے یار و مددگار اپنے معصوم بچوں بوڑھے والدین اور خواتین کے ساتھ مشکل سے رہ رہے تھے، تو ان پر وحشیانہ بمباری کر کے انہیں نیست ونابود کر دیا۔ غزا کی پٹی کے اندر انہیں محصور کر دیا۔ اسرائیلی حکومت کی مرضی کے بغیر کوئی بھی ان کی مدد نہیں کر سکتا۔ ترکی نے ان کی مدد کے لیے ایک جہاز میں اناج اور دوائیں بھیجیں۔ ترکی کے اس جہاز پر کھلے سمندر میں حملہ کر کے نقصان پہنچایا۔ اسرائیل کی ناجائز حکومت نے فلسطینیوں کے حق میں پاس شدہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کو ردی کی ٹوکری میں پھینک کر انسانی بنیادی حقوق کی پامالی کی۔

کشمیر میں بھارت نے ظلم کی انتہا کر دی۔ کشمیریوں کی نسل کشی کی۔ اقوام متحدہ نے رائے شماری کے لیے کئی قراردادیں منظور کی۔ مگر بھارت نے اپنے وعدے کے خلاف انہیں حق خود ارادیت دینے کے بجائے کشمیریوں کی آزاد ریاست کو بھارت میں ضم کر لیا۔ کشمیریوں تہتر سال سے بنیادی انسانی آزادی مانگ رہے ہیں۔ مسلمانوں ملکوں کی عیسائی اقلیتوں، انڈونیشیا اور سوڈان میں اقوام متحدہ نے فوراً علیحدہ وطن دے دیا۔ مگر فلسطین اور کشمیر کے مسلمانوں کو آج تک غلامی کی زنجیر میں بند کیا ہوا ہے۔ یہ ہے اقوام متحدہ کے انسانی بنیادی حقوق کی کہانی؟ عیسائی ملکوں نے مسلم ملکوں میں بنیادی انسانی حقوق کی پامالی کے لیے جعلی این جی اوز بنائی ہوئی ہیں۔ یہ عورتوں اور اقلیتوں کے حقوق کا ڈھنڈورا پیٹتی رہتی ہیں۔ مگر ان فارن فنڈڈ این جی اوز والی موم بتی اقلیتوں اور اور میرا جسم میری مرضی کی فحاشہ عورتوں کو کو مسلمان خواتین پر فلسطین، کشمیر، عراق، افغانستان، برما، بھارت اور دنیا کے دوسرے ملک میں بنیادی حقوق نظر نہیں آتے؟۔ یورپ میں مسلم خواتین کو ان کے بنیادی مذہبی حقوق اجازت نہیں۔ الٹا حجاب پہننے پر سزائیں دی جاتی ہیں۔ خود اظہار رائے میں آزادی کو استعمال کر کے ہمارے پیارے پیغمبر کی شان میں گستاخی کر کے خاکے بنا کر ذہنی ارب سے زاید مسلمانوں کے بنیادی انسانی مذہبی حقوق کی پامالی بار بار کی جاتی ہے۔ افغانستان میں امریکا نے دنیا کا سب سے بڑا بم گرا کر بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی کی۔ روس اور امریکا نے افغانستان میں چالیس سال جنگ جاری رکھ ایک کمزور مسلمان ملک کے مسلمانوں کے بنیادی انسانی حقوق کی پامالی کی۔ امریکا نے عراق کو ایک جھوٹی خبر، ماس ڈسٹرکشن کے ہتھیار کے بہانے حملہ کر کے تباہ کر دیا۔ پانچ لاکھ بچے دودھ نہ ملنے کی وجہ سے ہلاک ہو گئے۔ بھارت میں مسلمانوں کو شہریت کے بنیادی حق سے محروم کر دیا گیا۔ پوری دنیا میں مسلمانوں کو اُن کے بنیادی انسانی حقوق سے ذبردستی محروم کیا جا رہا ہے۔

صاحبو! اللہ جل جلالہ نے انسان کو پیدا کرنے کے بعد بنیادی انسانی حقوق عطا کیے۔ اللہ جل جلالہ نے اپنے سارے پیغمبر انسان کو بنیادی حقوق دینے کے لیے بھیج کر انسانیت پر احسان کیا۔ پھر اللہ جل جلالہ کے آخری پیغمبر نے آج سے صدیوں پہلے حجۃ الوداع کے موقعہ پر انسانی بنیادی حقوق کا چارٹر دیا۔ ان ہی قوانین کو بنیاد بنا کر اور استعمال کر کے دنیا میں امن وامان قائم کیا جا سکتا ہے۔ آج کی متعصب اقوام متحدہ انسانی حقوق کا دن منا کر نہیں دے سکتی؟ اسی لیے وقت کے مجدد سید ابوالاعلیٰ مودودی نے جماعت اسلامی کی بنیاد رکھ کر پاکستان اور دنیا میں مدینے کی اسلامی فلاحی ریاست طرز کی حکومت الہیا قائم کرنے کی صدا لگائی۔ آیئے! انسانیت کو دکھوں سے نجات دلائیں۔ جماعت اسلامی کا ساتھ دے کر دنیا کو پھر سے مدینے کی ریاست کی طرح گل وگلزار کر بنائیں۔ جس میں تمام مذہب کے انسانوں کو بنیادی انسانی حقوق حاصل ہوں۔ اللہ کرے ایسا ہی ہو آمین۔

ووٹ کا قومی دن اور ووٹر

ردہیل اکبر

قومی ووٹرز ڈے ملک بھر میں 7 دسمبر کو منایا جاتا ہے یہ دن 7 دسمبر 1970 کو ملک میں منعقد ہوئے پہلے عام انتخابات کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد ووٹ کی اہمیت کے حوالے سے آگاہی پھیلانا اور تمام طبقات کی انتخابی عمل میں شرکت کو یقینی بنانا ہے اس وقت پاکستان کی کل آبادی تقریباً 22 کروڑ سے تجاوز ہو چکی ہے اور ہماری کل آبادی کا نصف حصہ تقریباً 11 کروڑ افراد بطور ووٹر الیکشن کمیشن کے پاس رجسٹرڈ ہے الیکشن کمیشن ملک میں آزاد اور منصفانہ الیکشن کروانے کے لیے اپنی ذمہ داریاں بطریق احسن سرانجام دے رہا ہے اس وقت الیکشن کمیشن آف پاکستان کے پاس 127 جماعتیں رجسٹرڈ ہیں جن میں سے 74 پارٹیوں کو انکے انتخابی نشان الاٹ ہیں جبکہ 219 ایسے نشانات ہیں جو آزاد ماحول میں الیکشن میں حصہ لینے والوں کے لیے مخصوص ہیں اس وقت قومی اسمبلی کے اراکین کی تعداد 342، پنجاب کے اراکین کی تعداد 371، سندھ اسمبلی میں اراکین کی تعداد 168، خیبر پختونخواہ اسمبلی کے اراکین 145، بلوچستان اسمبلی کے اراکین 65، گلگت بلتستان اسمبلی کے 33 اراکین اور آزاد کشمیر اسمبلی کے 49 اراکین ہیں انکے ساتھ ساتھ یونین کونسل بھی پاکستان میں انتظامی تقسیم کے لحاظ چھوٹی اکائی ہے، یعنی سب سے پہلے وفاق پھر صوبہ پھر ڈویژن پھر ضلع پھر تحصیل اور پھر یونین کونسل۔ لیکن 2007 کے بعد ڈویژن ختم کر دیا گیا اس لیے اب یونین کونسل پانچویں اکائی بن گئی ہے۔ یونین کونسل بلدیاتی حکومت (لوکل گورنمنٹ) کا سب اہم حصہ ہوتا ہے۔ یونین کونسل حکومت میں 13 کونسلر ہوتے ہیں جن کی سربراہی ناظم اور نائب ناظم کرتے ہیں۔ پاکستان میں اس وقت 6000 سے زائد یونین کونسلز ہیں ووٹ کے اندراج سے لیکر الیکشن کے تمام مراحل مکمل کرنے تک الیکشن کمیشن آف پاکستان کا بہت اہم کردار ہیں اس ادارے میں بیٹھے ہوئے تمام افراد خراج تحسین کے لائق ہیں جو کم تعداد کے باوجود ایک بہت بڑا کردار ادا کرنے میں مصروف ہیں مگر ہمارے کچھ سیاستدان انکی تمام محنت پر اس وقت پانی پھیر دیتے ہیں جب وہ الیکشن ہار جاتے ہیں پھر وہ دھاندلی دھاندلی کا شور شروع کر کے الیکشن کو متنازعہ بنانے کی باتیں کرتے ہیں ووٹ کو عزت دینے کی باتیں کرنے والے اپنے ہی اداروں اور اپنی ووٹروں کی عزت خاک میں ملانا شروع کر دیتے ہیں 13 دسمبر کو ووٹ کو عزت دو کا نعرہ لگانے والے لاہور میں اپنے اپنے ووٹروں کو اکٹھا کرنا چاہتے ہیں تاکہ وہ اپنے مقاصد حاصل کر لیں مگر اب تک کی صورتحال کے مطابق پی ڈی ایم میں شامل تمام سیاسی جماعتوں کا مستقبل داؤ پر لگا ہوا ہے گلگت بلتستان میں جتنے جلسے پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن نے کیے اور اپنے کھوکھلے نعروں سے عوام کو بیوقوف بنانے کی کوشش مگر وہاں کی عوام نے مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کا ایسے صفایا کیا جیسے پیپلز پارٹی کا پنجاب میں ہوا تھا۔

گلگت بلتستان کی عوام انتہائی باشعور اور سمجھدار ہے انہوں نے پیپلز پارٹی کا دور بھی دیکھا مسلم لیگ ن کا اقتدار بھی دیکھا سوائے کرپشن کے اور کچھ سامنے نہیں آیا اور تو اور گلگت (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

احتجاج زندگی کی علامت ہے!!!!

محمد اکرم چوہدری

اپنی ناکامیوں کو دوسروں کے سر ڈالنے کے مترادف ہے۔ میاں نواز شریف کی مسلم لیگ اس منفی عمل میں سب سے زیادہ نمبر لینے کی کوشش میں ہے۔ ن لیگ کی طرف سے عوامی اجتماع میں افواج پاکستان کو تنقید کا ہدف بنانا معمول بن چکا ہے۔ حالانکہ یہ وہی فوج ہے وہی ادارہ ہے جو دو ہزار تیرہ کے الیکشن کے وقت تھی یا نوے کی دہائی کے تمام الیکشنز میں یا پھر جب میاں نواز شریف کی جماعت حکومت کے وقت تھی اس وقت بھی فوج تھی جس کے ساتھ میاں نواز شریف چل رہے ت

شال بقیہ 1

کی کو پورا اور ضرورت کا تمام تر سامان فراہم کی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان اسمبلی میں میڈیا روم کے دورہ کے موقع پر صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر اسپیکر کو اسمبلی حال میں سہولیات و دیگر امور سے متعلق بریفنگ دی بلکہ تجویز دی کہ اسمبلی میں میڈیا کیلئے روسٹرم بنایا جائے تاکہ صحافیوں کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے اور حکومتی و اپوزیشن اراکین روسٹرم پر پریس کانفرنس کریں۔ اس موقع پر سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، بلور احمد، اسسٹنٹ سیکرٹری عبدالرحمن، اسٹاف آفیسر یونس مینگل و دیگر بھی موجود تھے۔ میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ اسمبلی میں بہت چیزوں کو بہتر بنائے ہیں بلکہ میڈیا کے ساتھیوں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے، انہوں نے سیکرٹری اسمبلی کو ہدایت کی کہ اسمبلی میں میڈیا حال میں سہولیات کی کمی کو پورا اور ضرورت کا تمام تر سامان فراہم کی جائے۔

شال بقیہ 2

کا ساتھ دیں بلوچستان کی عوام سرفراز کے منتظر ہیں وہ آئیں اور کوئٹہ میں میچز کھیلیں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز سے بلوچستان یونیٹ کا قائم رشتہ ٹوٹتا جارہا ہے ندیم عمر بلوچستان سے متعلق اپنے وعدے وفا کریں ان خیالات کا اظہار وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال نے سماء ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ماضی میں بلوچستان کے بارے میں منفی قیاس آرائیاں ہوتی رہی ہیں کہ بلوچستان میں حالات خراب ہیں ماضی میں کچھ ایسے واقعات ہوئیں جنہیں ہائی لائٹ کیا ہے ہم نے ایمرجنگ بلوچستان کا نیا سلوگن متعارف کرایا 2 سے تین سالوں میں صوبے میں بہت سی چیزیں بہتر کئے ہیں بلوچستان کے بہت سے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی ہے صوبے میں کرکٹ بہت پسماندہ رہا ہے بلوچستان کا اچھا تصویر کبھی نیوز کے اوپر نہیں آیا ہے انہوں نے کہا کہ ہم دنیا کو دکھانا چاہتے ہیں تاکہ لوگ حیرت میں آئیں۔

شال بقیہ 3

ہے اس کے علاوہ اگر کہا جائے کہ ملک میں جمہوریت ہے تو یہ بے معنی ہوگا دراصل پی ڈی ایم کے وجود کے اصول ہی یہی ہیں پی ڈی ایم سے رابطے کیے گئے ہیں مگر پی ڈی ایم قیادت نے یہ سوچ کر جب تک حقیقی جمہوریت کے تصور کو عملی جامعہ نہیں پہنایا جاتا اور پی ڈی ایم کا موقف ہے موجودہ حکومت کی موجودگی میں کوئی بات نہیں کرسکتے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ میرا کوئی ہم شکل ہوگا اسلام آباد میں مجھے پتہ نہیں یا میری روح اسلام آباد میں بھٹک رہی ہوگی جہاں تک میرا سوال ہے تو میں نیاسی دن جب پی ٹی آئی کے ساتھ اتحاد ختم کیا تھا یہ کہہ کر ہماری سیاست میں یوٹرن نہیں ہے کیونکہ بلوچستان میں کسی بھی شاہراک پر آپکو کہیں یوٹرن کا بورڈ نہیں ملے گا بلوچستان کی سیاست کو پٹڑی پہ لانے کے لیے لاپتہ افراد کا مسئلہ تھا ہمارے چھ نکات میں لاپتہ افراد کا مسئلہ سرفہرست تھا اور حکمران جماعت کی جانب سے معاہدے پر دستخط اور کچھ افراد کی بازیابی سے واضح ہوگیا کہ لاپتہ افراد کا مسئلہ حقیقی ہے جن کے بچے بازیاب ہوئے خوشی کا انکو احساس ہے لیکن جن کے بچے ابھی تک لاپتہ ہیں انکی تکلیف کا ان سے پوچھیں یہی وجہ ہے کہ معاہدے پر عمل درآمد نہ کرتے ہوئے ہمیں مجبور کیا گیا۔

شال بقیہ 4

جو نہ صرف وردی پہنتی ہیں بلکہ سنج افواج یا قانون نافذ کرنے والے اداروں کی طرح ان میں درجہ بندی بھی ہے مراسلے میں مزید کہا گیا کہ یہ ملیشیاز اپنے آپ کو ایک عسکری تنظیم کی طرح سمجھتی ہیں جو آئین کی دفعہ 256 اور نیشنل ایکشن پلان کے نکات نمبر 3 کی سنگین خلاف ورزی ہے مراسلے میں اس بات پر تشویش کا اظہار کیا گیا کہ اس قسم کی چیزوں کو اگر دیکھا نہ جائے تو یہ سیکیورٹی کی پیچیدہ صورتحال کو مزید سنگین بنا سکتی ہیں، اس کے علاوہ اس مسئلے کا ملک کے قومی اور بین الاقوامی تشخص پر بھی منفی اثر پڑتا ہے۔ سیکرٹری داخلہ کا کہنا تھا کہ اس طرح کی تنظیمیں دیگر سیاسی اور مذہبی جماعتوں کے لیے غلط مثال قائم کررہی ہیں اور دیگر جماعتیں بھی اس طرح کے افعال کرسکتی ہیں جس سے امن و عامہ کی صورتحال مزید پیچیدہ ہوسکتی ہے مراسلے میں کہا گیا کہ مذکورہ بالا صورتحال کے تناظر میں تمام صوبائی حکومتوں سے درخواست کی جاتی ہے کہ اس خطرے کا فوری جائزہ لیں اور ان کے افعال اور مزید اس قسم کی ملیشیاز کی تشکیل پر نظر رکھیں اور اس سلسلے میں ضروری اقدامات اٹھائے جائیں ساتھ ہی وفاقی حکومت کی جانب سے ضرورت پڑنے پر ہر قسم کی معاونت بھی فراہم کرنے کی یقین دہانی کروائی گئی۔

شال بقیہ 5

دیا ہے مدت ہر صورت پوری کرینگے اور اگلے ترین دو ہزار 23 میں بھی الیکشن عوام کے حمایت اور ووٹ کے طاقت سے باپ پارٹی اور بی ٹی ٹی ای جیتیں گے انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کا بیانیہ عوام نے جی پی میں مسترد کردیا اب آزاد کشمیر کے الیکشن میں بھی ن لیگ کا شکست دیکھے انہوں نے کہا کہ اگر پی ڈی ایم نے اسمبلیوں سے استعفوں کا فیصلہ کیا تو آئین کے تحت فوری طور پر الیکشن کرادینگے عوام وفاق اور بلوچستان میں ہماری بہترین کارکردگی سے سو فیصد مطمئن ہیں انہوں نے کہا کہ ملک میں مہنگائی کا بہانہ بنا کر حکومت کے خلاف تحریک شروع کرنے والوں سے ہمیں بھی پوچھنے کا حق ہے کہ ماضی میں اپنے کرپشن اور ملک کا خزانہ لوٹ کر بیرون ملک جائیداد بنانے والے آج کس منہ سے مہنگائی کا رونا رو رہے ہیں یہ سب اپوزیشن کی وجہ سے آج حکومت کو مہنگائی ورثے میں ملی ہے ہماری کوششوں سے بہت جلد مہنگائی کے عذاب سے عوام کو نجات دلا دینگے پیٹرولیم کے نرخ میں بدترتیج کمی کی جارہی ہے۔

شال بقیہ 6

کی ساحلی پٹی پر جدید طرز کے پارک بنانے جارہے ہیں۔ نوشکی میں موجود ناوزنی جھیل جو کہ صحرا کے اندر ایک خوبصورت جھیل ہے اس حکومت سے پہلے ہمیشہ نظرانداز رہی مگر اس حکومت نے اس جھیل کو ایک خوبصورت اور سہولیات سے آراستہ کرنے کا تہیہ کر رکھا ہے اور خطیر رقم بھی اس کی بہتری کیلئے مختص کردی گئی ہے۔ پیر غائب جہاں لوگ ابھی تفریح حاصل کرسکتے ہیں۔ اس کو بھی ترقی دے دی گئی ہے اور آج بلوچستان کے لوگ دور دراز سے آتے ہیں اور لطف اندوز ہوتے ہیں۔ سیاحت کے فروغ سے نہ صرف بلوچستان کے لوگ مستفید ہونگے بلکہ پورے پاکستان سے آئے ہوئے لوگ لطف اندوز ہونگے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومتی اقدامات کے ساتھ ساتھ عوام کی بھی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ایک ذمہ دار شہری کا ثبوت دیتے ہوئے ان جگہوں کی صفائی ستھرائی کا بھی خاص خیال رکھیں تاکہ ماحول کو بھی صاف ستھرا رکھ سکیں۔

شال بقیہ 7

روزگار ہوگئے ہیں تو وہ پشتونوں کو گالیاں دینے پر اتر آئے ہیں ڈپٹی اسپیکر نے بھارت میں غریب کسانوں اور پرامن مظاہرین پر طاقت کا استعمال اور بھارتی اقلیتوں مسلمان، سکھ اور دیگر کیخلاف فاشسٹ مودی حکومت کے مظالم کی مذمت کرتے ہوئے انسانی حقوق کی تنظیموں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ان مظالم کا نوٹس لیں ہندوستان کے ہزاروں کسان قانون سازی کے خلاف احتجاج کررہے ہیں جو فصلوں کیلئے تباہ کن ہے۔

شال بقیہ 8

کے معاون خصوصی برائے قومی سلامتی معید یوسف، مشیر تجارت رزاق داؤد، وفاقی سیکرٹری داخلہ سیکرٹری خارجہ، سیکرٹری مذہبی امور اور سیکریٹری ہیلتھ، چیرمین نادرہ عثمان مبین اور وزارت خارجہ کے سینئر افسران نے شرکت کی، چیرمین نادرہ عثمان مبین نے ای ویزہ کی سہولت اور ای ویزہ کی مختلف کیٹگریز کے حوالے سے شرکاء اجلاس کو مفصل بریفنگ دی۔ وزیر اعظم عمران خان کی خصوصی ہدایت پر ای ویزا پالیسی کو مزید فعال بنانے کیلئے وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی کی سربراہی میں اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کردی گئی، اس اعلیٰ سطحی کمیٹی کے قیام کا مقصد، ملک میں سیاحت اور سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے ای ویزہ پالیسی کو مزید فعال بنانے کیلئے جامع سفارشات مرتب کرنا ہے۔ وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ پاکستان میں سیاحت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں آگے بڑھنے کے بہت سے مواقع موجود ہیں، ای ویزہ پالیسی گذشتہ ڈیڑھ سال سے نافذ العمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سیاحت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے حوالے سے ای ویزہ پالیسی کے حوصلہ افزا نتائج کو دیکھتے ہوئے وزیر اعظم عمران خان نے اس پالیسی کو مزید وسعت دینے کا فیصلہ کیا ہے، یہ اعلیٰ سطحی کمیٹی ان تمام پہلوؤں اور عوامل کا جائزہ لے گی جنہیں بروئے کار لا کر ہم ای ویزہ پالیسی کو مزید فعال اور نتیجہ خیز بنا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کمیٹی تمام پہلوؤں پر غور و خوض اور مشاورت کے بعد جامع سفارشات کابینہ کی منظوری کیلئے وزیر اعظم کو ارسال کرے گی۔

شال بقیہ 9

ان خیالات کا اظہار انہوں نے رضاکار انصار الاسلام کے کارکنوں سے کوئٹہ میں ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے سیاسی و مذہبی جماعتوں کے مسلح جتھوں سے متعلق وزارت داخلہ کے مراسلے کو بدنیتی پر مبنی قرار دیتے ہوئے کہا کہ مراسلے کے الفاظ نئے نہیں ہیں عسکری ونگ اور رضاکار میں فرق ہوتا ہے، رضاکار انصار الاسلام کے ہیں جو ہتے یو ان کا کہنا تھا کہ رضاکاروں پر کبھی اعتراض نہیں کیا گیا، رضاکار ہے یو ایف کے دستور کا حصہ ہیں مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ 2001 میں ہم نے لاکھوں کے جلسے کیے، ہمارے رضاکاروں کی پالنگ کو اس وقت کے وزیر داخلہ نے بھی سراہا 2017 میں بھی ہم نے جلسے کیے، انصار الاسلام کے رضاکاروں نے سیکیورٹی سنبھالی، آزادی مارچ میں بھی ان ہی رضاکاروں نے سیکیورٹی دی، کملا تک نہیں ٹوٹا مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ ڈنڈے کی کوئی رجسٹریشن نہیں ہوتی، نہ لائسنس ہوتا ہے، ایسے مراسلے صرف سیاسی دباؤ کے لیے ہوتے ہیں۔ آئی کا دستوری ونگ ہے، رضاکار الیکشن کمیشن سے رجسٹرڈ ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت کے ایسے ہتھکنڈے صرف سیاسی دباؤ کیلئے ہوتے ہیں سلیکٹڈ حکومت معیشت کو زمین بوس اور عوام کو نان شبینہ کے محتاج بنانے کے بعد اب سیاسی جماعتوں کے ذیلی تنظیموں کیخلاف سازشوں میں مصروف ہیں ہم نا اہل حکومت کے ایسے کسی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دینگے۔

شال بقیہ 10

استعمال کرنے ہوں گے، کوشش ہے وہی ویکسین کا استعمال کریں جو ہمارے لیے فائدہ مند ہوں۔ ڈاکٹر فیصل سلطان نے کہا کہ ہمیں دیکھنا ہے کہ کورونا ویکسین کے ذرائع کیا ہیں، ویکسین مرحلہ وار لگائی جائے گی، پہلے کورونا ویکسین ہیلتھ کیئر ورکرز کو لگائی جائے گی، سب سے پہلے فروری مارچ میں کورونا ویکسین لگائی جاسکتی ہے، دوسرے فیز میں ویکسین کو عوام کو لگائی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ جو کورونا ویکسین سرکار کے پیسوں سے آئے گی وہ مفت لگے گی، کوشش یہی ہے وہی ویکسین استعمال کریں جس کو ہم محفوظ رکھ سکیں۔ معاون خصوصی نے کہا کہ مریضوں کی نشاندہی کے لئے تاہرا سے بھی مدد لی جائے گی، کورونا ویکسین کی فنڈنگ کی منظوری کابینہ نے دی ہے۔ ڈاکٹر فیصل سلطان نے بتایا کہ کورونا ویکسین کے لیے مزید فنڈز کی ضرورت پڑی تو اسے بھی منظور کریں گے، چند ہفتوں میں فیصلہ ہوجائے گا کون سی ویکسین لینی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کسی کو ایک بار کورونا ہوگیا تو کم امکانات ہیں کہ دوبارہ کورونا ہو، کچھ کیسز میں ایک سے دوسری بار کورونا ہوا ہے، میرا خیال نہیں کہ ماضی کی طرح مکمل لاک ڈاؤن لگایا جائے گا، ایس او پیز پر مکمل درآمد اور احتیاط کی جائے گی تو دوبارہ لاک ڈاؤن کی نوبت نہیں آئے گی۔

شال بقیہ 11

خلاف ریفرنس احتساب عدالت کوئٹہ میں دائر کردیا ہے۔ نیب کوپٹ فیڈر کینال ایکسٹینشن پروجیکٹ کی تحقیقات کے دوران معلوم ہوا کہ پروجیکٹ ڈائریکٹر شیر زمان نے نیشنل ڈویلپمنٹ کنسٹرکشن فرم کے کنسلٹنٹ محمد فاروق، ٹھیکیدار عبدالغفار و دیگر کی ملی بھگت مختلف مصنوعوں کیلئے مختص فنڈز من پسند ٹھیکیدار کو منتقل کرتے ہوئے اضافی ادائیگیاں کی گئیں جس سے قومی خزانے کو 59 کروڑ روپے سے زائد کا نقصان پہنچا۔ نیب نے تحقیقات مکمل کرکے پروجیکٹ ڈائریکٹر محکمہ آبپاشی بلوچستان، نیشنل ڈویلپمنٹ کنسٹرکشن فرم کے کنسلٹنٹ اور ٹھیکیدار سمیت 16 افراد کے خلاف ریفرنس احتساب عدالت میں دائر کردیا ہے۔

شال بقیہ 12

کو پیر غائب کے علاقے میں سیاحتی مقام پر تفریحی پارک کا افتتاح کیا تھا تاہم گزشتہ روز جب سیاحوں نے پیر غائب کا رخ کیا تو وہاں موجود سیکورٹی اہلکاروں نے سیاحوں کو واپس کردیا جبکہ پیر غائب جانے والے راستے کو باس لگا کر بند کیا گیا ہے جس کے بعد سیاحوں کی بڑی تعداد مایوس ہوکر واپس لوٹ گئی اس حوالے سے رابطہ کرنے پر حکومت بلوچستان کے ترجمان لیاقت شاہوانی نے بتایا کہ پیر غائب آنے والے سیاحوں اور ٹیملیز کے لئے باقاعدہ شیڈول تیار کیا جارہا ہے جسے جلد ہی مکمل کرکے آئندہ 10 روز میں ڈپٹی کمشنر کا بھی اشتہار جاری کریں گے جس میں سیاحوں کے لئے باقاعدہ آنے کا شیڈول ہوگا انہوں نے کہا کہ پیر غائب آنے والی ٹیملیز کے لئے بھی دن مختص کئے جائیں گے۔ دوسری جانب سیاحوں اور عوامی حلقوں کے کہنا ہے کہ کروڑوں روپے کی لاگت سے تعمیر کئے جانے والے سیاحتی مقام کو جلد از جلد عوام کے لئے کھولا جائے۔

شال بقیہ 13

والوں کی لڑائی این آر او لینے ہے، ہم کہتے ہیں کہ نہ رو، انہوں نے 40 سال عوام کا خون چوسا ہے، یہ صرف میڈیا میڈیا کھیل رہے ہیں عوام سے ان کا دور دور تک تعلق نہیں۔ (ن) لیگ سے متعلق ایک سوال پر مراد سعید نے کہا کہ پاناما لیکس میں ان کی کرپشن اور لوٹ مار سامنے آئی، نواز شریف حسن، حسین، علی عمران، اسحاق ڈار، سلیمان شہباز لندن میں بیٹھے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ان کا پورا نیٹ ورک عدالت سے اشتہاری قرار دیا جاچکا ہے یہ مسترد ہوچکے ہیں، خود اشتہاری بن کر ملک سے باہر بیٹھے ہیں، پاکستان ان کی وجہ سے گرے لسٹ میں گیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ گلگت بلتستان کے الیکشن میں قوم نے عمران خان سے محبت کا ثبوت دیا، اس کے علاوہ پشاور کے عوام نے بھی پی ڈی ایم کا جلسہ مسترد کردیا۔ وفاقی وزیر مراد سعید نے کہا کہ ایکسپورٹ بڑھ رہی ہے، سرمایہ کاری نے 10 سالہ ریکارڈ توڑ دیا، ملک کے لٹیروں سے لوٹا ہوا پیسہ واپس لینا ہے اور ان اشتہاریوں کو جیلوں میں ڈالنا ہے، ان کو پاکستان اور عوام سے کچھ لینا دینا نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ فیصلے میں ہے کہ انہوں نے ملک کا پیسہ کیسے لوٹا، کرپٹ ٹولے نے پاکستان کو لوٹا ہے یہ صرف تقریریں کرسکتے ہیں، عوام پہلے بھی مسترد کرچکے ہیں، آئندہ بھی انہیں مسترد کریں گے۔

شال بقیہ 14

نیو واپڈا ٹاؤن کے قریب گھر میں گیس سلنڈر پھٹنے سے خاتون جھلس کر زخمی ہوگئی زخمی کو فوری طور پر طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کردیا مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 15

چھتر کے مقام پر مخالف سمت سے آنے والی دو گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں جس کے نتیجے میں تین افراد غلام رسول، عزت اللہ اور محمد گل موقع پر جاں بحق جبکہ چار افراد محمد عمر، نور اللہ، مسلم خان، محمد ایوب زخمی ہوگئے لیویز نے لاش اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کردی گئیں جبکہ شدید زخمیوں کو کوئٹہ ریفر کردیا گیا مزید کاروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 16

عامہ کے 12 اہم شعبوں میں 535 افراد کو مشاورت فراہم کی گئی، وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال نے این این آئی کو بتایا کہ رواں سال 13 جولائی کو پی پی ایچ آئی کے ذریعے کوئٹہ سمیت بلوچستان کے چھ اضلاع دکی، گوادر، جعفر آباد، مستونگ اور واشک میں انٹرنیٹ کے ذریعے ٹیلی کنسلٹیشن کا آغاز کیا گیا ان کلینکس میں جنرل فزیشن، گائنی، سکن، اطفال سمیت صحت عامہ کے 12 شعبوں میں ماہرین سے مریضوں کے لئے مشاورت حاصل کی گئی، انہوں نے بتایا کہ اب تک 472 خواتین، 48 بچوں اور 15 مرد مریضوں سمیت کل 535 مریضوں کو مشاورت فراہم کی گئی ہے جن میں سب سے زیادہ دکی کے 129، گوادر کے 111، جعفر آباد کے 103، مستونگ کے 44، کوئٹہ کے 95، واشک کے 54 مریض شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو سہولت فراہم کرنے کے لئے تمام لیڈی ڈاکٹرز سے مشاورت کی جاتی ہے لائیو ویڈیو کے ذریعے مشاورت سے نہ صرف مریضوں کو چیک بلکہ ادویات بھی تجویز کی جارہی ہیں ساتھ ہی تشخیص اور توجہ طلب کیسز کو اگلے مرحلے میں بڑے ہسپتال کی جانب ریفر کیا جاتا ہے۔

شال بقیہ 17

5 افراد 8 شدید زخمی کروڑوں کی درجنوں قیمتی گاڑیاں موٹر سائیکلیں تباہ ٹھیکیدار نے قومی شاہراہ اکھاڑ کر بنانا بھول گیا عوامی حلقوں ورثا نے حادثات کے مقدمات این ایچ اے ٹھیکیدار منتخب عوامی نمائندوں کے خلاف درج کرنے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد کے علاقے نوتال تا بختیار آباد کے درمیان نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے ٹھیکیداروں نے این اے 65 سندھ بلوچستان قومی شاہراہ کو مرمت کے نام پر قومی شاہراہ کو اکھاڑ کر بنانا بھول گئے ہیں اندرون ملک سے آنے والی چھوٹی گاڑیاں تیز رفتاری کی وجہ سے نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی جانب اشارتی بورڈ نہ ہونے کی وجہ سے رات کی تاریکی میں ڈرائیوروں سے گاڑیاں ہے قابو کرا لٹنے لگی ہیں۔

شال بقیہ 18

رخان پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وزارت صنعت کو خوردنی تیل کی بڑھتی قیمتوں کو کنٹرول کے لئے ضروری اقدامات کی ہدایت کی ہے۔ وزیر کوشیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ کی زیر صدارت کیبنٹ پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں قومی پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کے اجلاس میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور رسد کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اعلامیہ کے مطابق وزیر صنعت و پیداوار، وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے محصول، صوبائی چیف سیکرٹریز، سیکرٹری این ایف ایس اینڈ آر، سیکرٹری صنعت و پیداوار، چیئرمین ایف بی آر نے شرکت کی جبکہ چیئرپرسن سی سی پی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر کامرس، چیئرمین ٹی سی پی، منیجر کوآرڈینیشن یونیفائی اسٹور کارپوریشن کی بھی شریک ہوئے۔ سیکرٹری خزانہ نے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کے رجحان پر شرکاء کو تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق آٹا، چینی، پیاز، ٹماٹر اور آلو سمیت 13 ضروری اشیاء کی قیمتوں میں کمی واقع ہوئی، جبکہ 17 اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ اور 21 اشیاء کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ کمیٹی کو یہ بھی بتایا گیا کہ تھوک اور خوردہ صارفین کی قیمتوں میں مناسب کا فرق بھی نیچے آرہا ہے۔

شال بقیہ 19

ملک بھر کی تمام جیلوں میں صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ کورونا کی دوسری لہر تیز ہوئی جس کے بعد این سی او سی نے ملک بھر کے جیل عملے اور قیدیوں کیلئے ایس او پیز جاری کر دیں، این سی او سی کے مطابق زیر حراست قیدیوں اور جیل عملہ کو صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں، اگر کسی قیدی میں کورونا کی علامات ہوں، اسے میڈیکل آئیسولیشن میں رکھا جائے، قیدیوں، جیل عملہ اور جیل میں آنے جانے والوں کیلئے ڈس انفیکشن کا انتظام کیا جائے، فیس ماسک پہننے، ہاتھ دھونے کے حوالے سے آگاہی دی جائے۔

شال بقیہ 20

اور بے رحم ہیں۔ ان خیالات کا اظہار رہنما پاکستان تحریک انصاف و وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر بھارتی کسانوں کے کئی روز سے مودی سرکار کے خلاف جاری احتجاج سے متعلق ٹوئٹ میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت میں کسانوں کے احتجاج کو 12 روز ہوگئے تاہم دہلی اپنے کسانوں کو سننے کیلئے تیار نہیں۔ فواد چوہدری نے اپنے ٹوئٹ میں کہا کہ لگتا ہے ہندوتوا نظریے پر گامزن بھارتیہ جنتا پارٹی کی حکومت کو کسانوں کی فکر نہیں، اسی لیے بھارتی حکومت کی پنجاب کے خلاف پالیسیاں شرمناک اور بے رحم ہیں۔ وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی نے بھارتی کسانوں سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میرا دل سرحد کے دوسری طرف پنجابی کسان بھائیوں کے ساتھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ناانصافی کہیں بھی ہو سب کیلئے خطرہ بن جاتی ہے، اسی لیے ہمیں بھارتی پنجاب کے کسانوں کے ساتھ ہونے والی ناانصافی پر آواز بلند کرنی چاہیے کیونکہ مودی کی پالیسیاں پورے خطے کیلئے خطرہ ہیں۔

شال بقیہ 21

پیج کو جنس عامر فاروق اور جنس غلام اعظم قہرانی پر مشتمل دو رکنی بینچ نے درخواست پر فیصلہ سنایا۔ عدالت نے کابینہ کمیٹی برائے بجکاری کی تشکیل غیر قانونی قرار دیتے ہوئے فیصلہ دیا کہ مشیر خزانہ حفیظ شیخ کابینہ کمیٹی کے نہ ممبر نہ سربراہ ہو سکتے ہیں۔ عدالت نے کابینہ کمیٹی کی تشکیل کیخلاف مسلم لیگ (ن) کی درخواست منظور کرتے ہوئے کمیٹی میں مشیر برائے کامرس، سرمایہ کاری اور مشیر برائے ادارہ جاتی اصلاحات کی شمولیت بھی غیر قانونی قرار دے دی۔ پالیکورٹ نے 25 اپریل 2019 کا کابینہ کمیٹی کی تشکیل کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دے دیا اور کمیٹی میں مشیر برائے کامرس اور سرمایہ کاری رزاق داؤد اور مشیر برائے ادارہ جاتی اصلاحات عشرت حسین کی شمولیت بھی غیر قانونی قرار دے دی۔

شال بقیہ 22

سرکار سے پی ڈی ایم کے کامیاب جلسے ہضم نہیں ہورہے، مہنگائی، بے روزگاری کو ختم اور معیشت کو بہتر کرنے والی جھوٹی حکومت اپنے وعدوں کی تکمیل یقینی بنائیں، پی ڈی ایم اپنے منزل کی طرف رواں دواں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز وفاقی وزارت داخلہ کی سیاسی و مذہبی جماعتوں کے مسلح جتھوں سے متعلق مراسلے پر ردعمل دیتے ہوئے کیا۔ مولانا عبدالواسع نے کہا کہ انصار الاسلام جے یو آئی کی ذیلی تنظیم ہے جو جماعت کے جلسوں و جلوسوں میں سیکیورٹی کے فرائض انجام دیتی ہے۔ رضاکار الیکشن کمیشن سے رجسٹرڈ ہیں، اس پر بھی اعتراض نہیں کیا، انصار الاسلام کے لاکھوں رضاکاروں نے لاکھوں کے مجموعہ کے سیکورٹی انتظامات سنبھال رکھے ہیں جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ پرامن رہنے کا ثبوت دیا ہے۔

شال بقیہ 23

پی ڈی ایم میں شامل بھی جماعتوں نے اقتدار کے مزے لوٹے لیکن عوام کو کچھ نہیں دیا۔ اب تبدیلی کے دعوے دار لوگوں کا خون نچوڑ رہے ہیں اور انہیں لنگر خانوں کے باہر کھڑا کردیا ہے، خیبر پختونخوا ہسپتال میں 7 اموات کے ذمہ داروں کا تعین نہیں ہوا۔ وزیر اعلیٰ کے پی کے استعفیٰ کیوں نہیں دیتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ممبر گروہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ضلعی امیر اعزاز الملک افکاری بھی موجود تھے۔ امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ عدالتوں میں غریب کے لیے انصاف نہیں ہے جب کہ تعلیم اور صحت کی سہولتیں نایاب ہوگئیں۔ عوام کو ہسپتالوں میں ڈسپرین کی گولی تک دستیاب نہیں۔ خیبر پختونخوا ہسپتال میں 7 لوگوں کا آکسیجن کی عدم دستیابی کی وجہ سے چل بسنا بڑا سانحہ ہے۔ وزیر اعلیٰ کے پی نے اب تک استعفیٰ کیوں نہیں دیا۔

شال بقیہ 24

کی اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ ہوا کہ میگزین کی کسٹم ڈیوٹی اور جرائم کو 25 فیصد بجائیں نوٹل بجٹ کو 40 فیصد دیا جائے تاکہ بلوچستان سے شائع ہونے والی جرائد اپنے پاؤں پر کھڑا ہوسکے انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان میں انٹرنیٹ زر نہ ہونے کی وجہ سے اخبارات اور جرائد کا نوٹل دارومدار حکومتی اشتہار پر منحصر ہیں لہٰذا انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے پرزور اپیل کی ہے کہ اخبارات و جرائد کا بجٹ ڈبل کیا جائے، یا پھر بلوچستان کے سالانہ بجٹ پی ایس ڈی سے منسلک کیا جائیں تاکہ بلوچستان کے اخبارات و جرائد کا درینہ مسئلہ حل ہو اجلاس میں طے پایا گیا کہ پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات بشریٰ رند سیکرٹری اطلاعات عرفان قریشی اور ڈی جی پی آر زاہد شاہ سے جرائد کا کمیٹی ملاقات کریگا اور جائد سے متعلق اپنا موقف پیش کریگا۔

شال بقیہ 25

جام کمال خان سے وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں ملاقات کی، ملاقات میں حکومتی امور، سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

شال بقیہ 26

کے رابطہ سیکرٹری علی معصوم کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ دکی تا چمالنگ شاہراہ براستہ ٹانا صاحب زیارت لونی، ہوسمزی چمالنگ تک تعمیر کی جائیگی اس شاہراہ پر واقع تمام کلیوں کو لنک روڈ کے ذریعے منسلک کیا جائیگا۔ جبکہ آنے والے بالی سال کے پی ایس ڈی پی میں چمالنگ تا کیکری شارٹ کٹ شاہراہ کی منظوری کرکے شاہراہ تعمیر کی جائیگی۔ انہوں نے کہا کہ اس شاہراہ کی تعمیر سے دکی تا ڈی جی خان مسافت کے گھنٹے کم ہوجائیگی۔ انہوں نے کہا کہ بیس کروڑ روپے کی لاگت سے منظور ہونے والے ڈی ایچ کیو ہسپتال پر بھی کام شروع ہوچکا ہے۔ جبکہ گلی مانڑی سے براستہ واہوی کاریز تک زیر تعمیر روڈ پر 90 فیصد کام مکمل ہوچکا ہے۔ جبکہ صاف پانی کے لئے متعدد واٹر سپلائی اسکیم بھی منظور ہوچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دکی کے لئے رواں سال کے پی ایس ڈی پی میں 65 ایکڑ پر مشتمل سپورٹس کمپلیکس کی منظوری بھی ہوگئے ہے جسکے لئے رواں سال دس کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے ساتھ کئے گئے تمام وعدوں کو مرحلہ وار عملی جامعہ پہنائی جائیگی۔

شال بقیہ 27

ہی ملک کی عالمی تنہائی ختم کرسکتی ہے اور ملک میں شفاف الیکشن جس میں اسٹیبلشمنٹ اور ان کے ایجنسیوں کی مداخلت نہ ہو اس کے نتیجے میں قائم حقیقی جمہوری حکومت ہی ملک کے استحکام اور خوشحالی کا باعث ہوسکتی ہے، موجودہ سلیکٹڈ اور مسلط حکومتیں عوام کی نمائندہ نہیں۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے رہنماؤں عبدالرحیم زیارتوال، مولوی شیر جان، سردار حبیب الرحمن دومڑ، نعمت اللہ متو، فرید خان دومڑ، مولوی موسیٰ جان اور نصر اللہ نے سنجاوی، اور مولوی سرور موسیٰ خیل، خان میر لالا، عبید محمد خان، ڈاڈان حاجی، مولوی اسماعیل، مولوی معاذ اللہ نے ضلع موسیٰ خیل اور مولوی عزیز اللہ حنفی، سید مطیع اللہ آغا، اصغر خان ایم پی اے، حاجی اکبر خان، علی محمد کلیوال، حاجی نظام کاکڑ، عبدالباری کاکڑ، سعد اللہ ترین نے ضلع پشین، مولانا ادریس، مولوی عطاء اللہ، احمد خان لونی، یار محمد بنگلزئی، واجہ یعقوب کنگوری، غلام رسول سیلاچی، ظہور مگسی، سعید خان ٹھک نے ضلع سبی، اور مولانا فیض اللہ، عبید اللہ جان بابت، منظور کاکڑ، رحمت اللہ کاکڑ، حاجی بلوٹ خان اتمانخیل، صفدر میٹ

صحت کا شعبہ اہم اس کی بہتری کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھائے جائیں، جام کمال

عوام کو بہترین ہیلتھ کیئر سروسز کی فراہمی کیلئے جامع حکمت عملی کے تحت ایک روڈ میپ تیار کیا گیا ہے

سسٹم کی بہتری حکومت کا کام ہے ہمارا مقصد صوبہ میں عوام کو صحت کی بہترین سہولیات فراہم کرنا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان



ڈپٹی اللہ یار، وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر برائے جیل خانہ جات میر اعجاز کھوسو، نی میر غرغان رندھاوا سے ملاقات، اندرونی وفات پر تعزیت کا اظہار کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ صحت کا شعبہ بہت اہم ہے اس کی بہتری کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھائے جائیں۔ سسٹم کی بہتری حکومت کا کام ہے ہمارا مقصد صوبہ میں عوام کو صحت کی بہترین سہولیات فراہم کرنا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ صحت سے متعلق امور کے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر رباب بلیدی، پارلیمانی سیکرٹری دینش کمار، سیکرٹری صحت / فنانس، سیکرٹری اطلاعات، اسپیشل سیکرٹری صحت، سیکرٹری ایمپلی مینٹیشن پی اینڈ ڈی، چیف ایگزیکٹو آفیسر پی پی ایچ آئی، ڈائریکٹر جنرل صحت ایم ایس سنڈیمن صوبائی ہسپتال ایم ایس بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال، ایم ایس فاطمہ جناح جنرل اینڈ چیسٹ ہسپتال، سی ای او ینگ و دیگر متعلقہ حکام نے شرکت بقیہ نمبر 29 صفحہ 2 پر

موجودہ حکومت کی کارکردگی خوشنما نعروں، بے عمل دعوؤں، خالی خولی اعلانات تک محدود ہے، مولانا عبدالحق ہاشمی

جماعت اسلامی اس ملک میں اسلامی نظام نافذ کر کے رہیگی ملک کے مسائل کا حل اسلامی نظام میں ہے

بلوچستان کو سابقہ حکومتوں کی طرح لولی پاپ سے ٹرخایا جا رہا ہے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ موجودہ حکومت کی کارکردگی خوشنما نعروں، بے عمل دعوؤں، خالی خولی اعلانات تک محدود ہیں بلوچستان کو سابقہ حکومتوں کی طرح لولی پاپ سے ٹرخایا جا رہا ہے بلوچستان میں احتساب ہو رہا ہے نہ کسی کو سزا ہوئی اور نہ ہی کسی سے کوئی لوٹی ہوئی دولت برآمد ہوئی حکومتی سطح پر سادگی و قناعت اختیار کی گئی نہ ہی رشوت، اسامیوں کی فروختگی کا سلسلہ رک گیا ہے اہل پڑھے لکھے نوجوانوں کو روزگار ملی ہے نہ کہیں مکانات بن رہے بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

نقل معاشرتی ناسور ہے جو نئی نسلوں کو دیمک کی طرح چاٹ رہی ہے، ڈاکٹر محمد خان بازئی

سبی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد خان بازئی نے کہا ہے کہ نقل معاشرتی ناسور ہے جو نئی نسلوں کو دیمک کی طرح چاٹ رہی ہے، امتحانی سینٹروں میں نقل کی روک تھام کے لیے سینٹروں کے 400 گز تک کسی بھی مشکوک افراد کے بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

13 دسمبر کو ڈی ایم کے جلسے سے کوئی خطرہ نہیں ہے، نور محمد مڑ

کرونا کی کیسز میں روز بروز خطرناک حد اضافہ اور اموات بھی ہو رہے ہیں

اپوزیشن اپنے مفاد کے لیے انسانی جانوں سے کھیل رہی ہے ملک میں ہیلتھ ایمرجنسی کا نفاذ ہے، صوبائی وزیر

برہانی (ش ن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ 13 دسمبر کو پی ڈی ایم کے جلسے سے کوئی خطرہ نہیں ہے اپوزیشن پہلے بھی جلسے کر چکے ہے حکومتی اپنی آئینی مدت پوری کریگی اپوزیشن حکومت پر دباؤ ڈالنے کیلئے اسمبلیوں سے استعفوں کا شوشا چھوڑ رہی ہیں تو یہ شوق بھی پورا کرے لے لیکن پی ڈی ایم میں شامل بعض جماعتیں کبھی بھی پارلیمنٹ / اسمبلیوں سے مستعفی نہیں ہو بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

چکلور، آئی جی ایف سی ساؤتھ لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی رکن صوبائی اسمبلی لالہ رشید دشتی سے ملاقات کر رہے ہیں

الیکشن کمیشن لکھی کے زیر اہتمام ووٹرز کے عالمی دن کی مناسبت سے ڈھاڈر میں سیمینار کا انعقاد

بولان (این این آئی) الیکشن کمیشن ضلع لکھی کے زیر اہتمام ووٹرز کے عالمی دن کی مناسبت سے ڈھاڈر میں سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس کی مہمان خاص ڈی ای او نسواں لکھی ام سلمیٰ تھی سیمینار میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی سیمینار کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا جبکہ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض محمد عارف نے سرانجام دیئے سیمینار سے بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

گلگت، معذور خاتون سے گینگ ریپ کے 3 مجرمان کو سزائے موت سنادی گئی

گلگت (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے گلگت بلتستان کے ضلع شگر میں معذور خاتون کو گینگ ریپ کا نشانہ بنانے والے 3 مجرمان کو سزائے موت اور 10، 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنادی۔ عدالتی فیصلے کے مطابق مجرمان 7 ماہ تک پول چال کی صلاحیت سے بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

کرونا وائرس سے محفوظ رہنے کیلئے حکومت بلوچستان کے جاری کردہ کرونا ایس او پیز پر عملدار کو یقینی بنائیں، محمد احمد ظہیر

حب (ش ن) اسسٹنٹ کمشنر لیفٹیننٹ ریٹائرڈ محمد احمد ظہیر نے کہا ہے کہ کرونا وائرس سے محفوظ رہنے کیلئے حکومت بلوچستان کے جاری کردہ کرونا ایس او پیز پر عملدار کو یقینی بنائیں دوکاندار سماجی فاصلہ، ماسک کی استعمال کریں اس حوالے سے کوئی بھی غفلت کا مواقف پایا گیا تو ان کے خلاف سخت تادیبی کارروائی ہوگی۔

ملک بھر کی طرح الیکشن کمیشن آف پاکستان کی زیر نگرانی گوادر میں بھی نیشنل ووٹرڈے کا اہتمام کیا گیا

ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر رسول بخش بلوچ کی زیر صدارت نیشنل ووٹرڈے کے حوالے سے تقریب منعقد ہوئی

گوادر (ش ن) ملک بھر کی طرح الیکشن کمیشن آف پاکستان کی زیر نگرانی گوادر میں بھی نیشنل ووٹرڈے کا اہتمام کیا گیا، ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر رسول بخش بلوچ کی زیر صدارت نیشنل ووٹرڈے کے حوالے سے تقریب منعقد ہوئی، اسسٹنٹ کمشنر گوادر راجہ اطہر عباس، پی این پی عوامی کے رہنما ایڈوکیٹ سعید فیض بلوچ، رسول سوسائٹی نمائندہ ماجد سیرانی، تحریک انصاف ساؤتھ ریجن ویمن ونگ کی نائب صدر ڈاکٹر رفعت وہاب اور سماجی کارکن حمیدہ بلوچ کے علاوہ ڈسٹرکٹ تاوران انچارج غلام علی بلوچ بھی تقریب میں شریک ہوئے، تقریب سے اے سی گوادر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایک جمہوری ملک بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

کورونا سے محفوظ رہنے کیلئے حکومت کے جاری ایس او پیز پر عملدار کو یقینی بنایا جائے

دکاندار سماجی فاصلہ، ماسک کا استعمال کریں، اسسٹنٹ کمشنر حب

حب (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر لیفٹیننٹ ریٹائرڈ محمد احمد ظہیر نے کہا ہے کہ کورونا وائرس سے محفوظ رہنے کیلئے حکومت بلوچستان کے جاری کردہ کرونا ایس او پیز پر عملدار کو یقینی بنائیں دوکاندار سماجی فاصلہ، ماسک کی استعمال کریں اس حوالے سے کوئی بھی غفلت کا مواقف پایا گیا تو ان کے خلاف سخت تادیبی کارروائی ہوگی انہوں نے کرونا وائرس سے متعلق اجلاس کے صدارت کے دوران بات چیت کرتے کیا اجلاس میں انجمن تاجران، گیسٹ ایسوسی ایشن، ٹرانسپورٹ یونین، لسبیلہ چیمبر آف کامرس، سول سوسائٹی کے نمائندوں سمیت سماجی تنظیموں کے نمائندوں نے شرکت کی بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر محمد عارف محمد حسنی سے صوبائی سیکرٹریز سلیم اعوان، نور الامین مینگل و دیگر معززین ملاقات کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حسن وقار چیمہ نے بیلہ میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا

لسبیلہ (ش ن) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حسن وقار چیمہ نے بیلہ میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا اور معائنہ کیا اس دوران ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حسن وقار چیمہ نے متعلقہ حکام سے بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

میر ظفر اللہ جمالی ملک اور قوم کے عظیم سرمایہ تھے

میر ظفر اللہ خان جمالی کے خدمات ہمیشہ یاد رکھے جائینگے، بلال احمد جنگ

نصیر آباد (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام نصیر آباد کے پریس سیکرٹری بلال احمد جنگ نے اپنے تعزیتی پیغام میں سابق وزیر اعظم پاکستان بزرگ سیاستدان الحاج میر ظفر اللہ خان جمالی کی وفات پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان ایک سینئر سیاستدان سے محروم ہو گیا دعا ہے بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

18 شیخوں کو بلوچستان سمیت دیگر صوبوں میں شکار کی اجازت

جن میں سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کو لیہ اور بھکر، گورنر تبوک شہزادہ فہد بن سلطان و دیگر شامل ہے

پاکستانی وزارت خارجہ کی جانب سے 18 سعودی اور قطری شیخوں کو بلوچستان، پنجاب اور سندھ میں قیمتی پرندوں کے شکار کی اجازت دی ہے؛ ذرائع

کوئٹہ (آن لائن) سعودی عرب اور قطر کے 18 شیخوں کو بلوچستان سمیت دیگر صوبوں میں شکار کی اجازت دیدی گئی ہے جن میں سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کو لیہ اور بھکر، گورنر تبوک شہزادہ فہد بن سلطان کو آواران اور چاغی، قطر سے شیخ محمد بن خلیفہ الثانی کو لورالائی، شیخ جاسم بن محمد الثانی کو موسیٰ خیل اور درگ، شیخ محمد بن علی الثانی کو بارکھان، شیخ ثانی بن عبد العزیز قلات سوراب، شیخ علی بن عبداللہ آل ثانی کو تربت، شیخ فلاح بن الجاسم کو بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

روہڑی، علی واہن کی ملک برادری کا روہڑی پریس کلب کے صحافیوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

جمعیت علماء اسلام (س) نہ حکومت پاکستان کی حمایت کر رہی ہے، مولانا محمد شفیق دولت زئی

نہ ہی پی ڈی ایم کی تحریک کی مخالفت کر رہی ہے کیونکہ حکومت اور اپوزیشن دونوں برابر کی قوتیں ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (س) کے مرکزی رہنما و صوبائی ترجمان مولانا محمد شفیق دولت زئی نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام (س) نہ حکومت پاکستان کی حمایت کر رہی ہے اور نہ ہی پی ڈی ایم کی تحریک کی مخالفت کر رہی ہے کیونکہ حکومت اور اپوزیشن دونوں برابر کی قوتیں ہیں بلکہ ان دونوں قوتوں سے اپیل ہے کہ صوبہ بلوچستان میں قیامت خیز مہنگائی سمیت کشمیر کی آزادی اور بھارت کی عالمی جھنڈوں کیلئے ایک متحدہ پالیسی بنائی جائے اور ایک دوسرے پر تعداد اور بھارتی ایجنٹس بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

پاکستان کی عوام موجودہ سلیکٹڈ حکومت سے بے زار آچکے ہیں، مولانا فیض اللہ

روزانہ کی بنیاد پر درجنوں افراد بے روزگاری اور مہنگائی کے ہاتھوں خودکشیاں کر رہے ہیں

لورالائی (این این آئی) لورالائی پی ڈی ایم کے زیر اہتمام ایک بڑی ریلی نکالی گئی جو مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی پریس کلب کے سامنے بڑے جلسے کی شکل اختیار کر گئی سابق صوبائی وزیر بے یو آئی کے ضلعی امیر مولانا فیض اللہ، پشتون خواہ ملی عوامی پارٹی کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری و سابق صوبائی وزیر عبداللہ جان بابت، اے این پی کے ضلعی صدر ایڈوکیٹ منظور کاکڑ پی ایم ایل بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

بلوچستان حکومت صوبے کی احساس محرومی کے خاتمے اور ترقی و خوشحالی کے لیے اقدامات اٹھا رہی ہے، اللہ داد دشتی

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی تحصیل جھٹ پٹ کے صدر اللہ داد دشتی نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت صوبے کی احساس محرومی کے خاتمے اور ترقی و خوشحالی کے لیے اقدامات اٹھا رہی ہے اڑھائی سالوں کے دوران صوبے بھر میں ترقی کے مثالی منصوبوں پر کام ہوا ہے جن کی مثال ماضی میں نہیں ملتی بیروزگاری کے خاتمے کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کئے پولیس ایجوکیشن سمیت دیگر محکموں میں خالی آسامیوں پر بھرتیوں سے بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

سندھ کی قدیم تہذیب پر اسلامی تمدن کا رنگ غالب رہا ہے، غیاث الدین قادری

روہڑی (نامہ نگار) میلاد مصطفیٰ کمیٹی کے چیئرمین غیاث الدین قادری نے کہا ہے کہ سندھ کی قدیم تہذیب پر اسلامی تمدن کا رنگ غالب رہا ہے۔ باب الاسلام سندھ کی تاریخ ہماری پہچان ہے سندھ کی عظیم دھرتی اولیائے کاملین بزرگان دین صوفیائے کرام کا مسکن ہے وادی بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

سابق وزیر اعظم میر ظفر اللہ خان جمالی کیلئے جدہ قونصلیٹ میں تعزیتی ڈیسک قائم

مختلف شخصیات نے تعزیتی بک میں اپنے تاثرات درج کیئے

جدہ (پ ر) سابق وزیر اعظم پاکستان میر ظفر اللہ خان جمالی کی وفات پر جدہ میں واقعہ پاکستانی قونصلیٹ میں تعزیتی ڈیسک قائم مختلف ممالک کے سفراء کی پاکستانی قونصلیٹ آمد، سابق وزیر اعظم پاکستان میر ظفر اللہ خان جمالی کی وفات پر تعزیت اور اپنے تاثرات قلمبند بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

ہر دور میں صحافیوں کے قلم سے لکھے جانے والے سچ کو دبانے کی کوشش کی جاتی رہی ہے، مجاہد بوزدار

ملک کے ہر چھوٹے بڑے شہر سے تعلق رکھنے والے صحافی نے ظلم کے خلاف آواز بلند کی ہے

روہڑی (نامہ نگار) ہر دور میں صحافیوں کے قلم سے لکھے جانے والے سچ کو دبانے کی کوشش کی جاتی رہی ہے ملک کے ہر چھوٹے بڑے شہر سے تعلق رکھنے والے صحافی نے ظلم کے خلاف آواز بلند کی ہے اور مظلوم کا ساتھ دیا ہے ان خیالات کا اظہار روہڑی پریس کلب صدر مجاہد بوزدار نے بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

گوادر پسنی کی آرٹسٹ برادری کا نمائندہ وفد ساجد نوری کی قیادت میں ڈپٹی کمشنر گوادر میجر ریٹائرڈ عبدالکبیر سے ملاقات کر رہا ہے

میثاق جمہوریت جمہوری حکومتوں کے لئے تحفہ سلیکٹڈ حکومت کے لئے، حاجی علی مدد جتک

پیپلز پارٹی حقیقی جمہوریت پر یقین رکھتی ہے، صدر پیپلز پارٹی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ تبدیلی سرکار نے مہنگائی، بے روزگاری، عوام کے حقوق سلب کر کے تبدیلی کا وعدہ پورا کر دیا ہے سلیکٹڈ حکومت کا جلد ہی خاتمہ ہونے والا ہے میثاق جمہوریت جمہوری حکومتوں کے لئے تحفہ کہ سلیکٹڈ حکومت کے لئے، پی ڈی ایم بنانے میں پیپلز پارٹی کا اہم کردار تھا اسمبلیوں سے استعفوں سمیت پی ڈی ایم کے پلیٹ فارم سے جو بھی مشترکہ فیصلہ ہوا پیپلز پارٹی اس پر عمل کریگی یہ بات انہوں نے ہی کوئٹہ بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

ووٹ امانت، صحیح استعمال ہی لوگوں کی کامیابی کا راستہ ہے، عمران احمد

عوام اپنے ووٹ کے ذریعے مخلص افراد کے چناؤ سے صحیح معنوں میں ایماندار نمائندے کو منتخب کر سکتے ہیں

نصیر آباد (ش ن) ووٹر کے قومی دن کے موقع پر الیکشن کمیشن نصیر آباد کے زیر اہتمام ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب کے مہمان خصوصی ریجنل الیکشن کمشنر نصیر آباد ڈویژن عمران احمد تھے تقریب میں خواتین اقلیتی برادری مخصوص اہمیت کے حامل افراد سکولوں کے طلباء و طالبات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد شریک تھے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ریجنل بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

بلوچستان حکومت صوبے کی احساس محرومی کے خاتمے اور ترقی و خوشحالی کے لیے اقدامات اٹھا رہی ہے، اللہ داد دشتی

اڑھائی سالوں کے دوران صوبے بھر میں ترقی کے مثالی منصوبوں پر کام ہوا ہے مثال ماضی میں نہیں ملتی، صدر بی این پی جھٹ

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی تحصیل جھٹ پٹ کے صدر اللہ داد دشتی نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت صوبے کی احساس محرومی کے خاتمے اور ترقی و خوشحالی کے لیے اقدامات اٹھا رہی ہے اڑھائی سالوں کے دوران صوبے بھر میں ترقی کے مثالی منصوبوں پر کام ہوا ہے جن کی مثال ماضی میں نہیں ملتی بیروزگاری کے خاتمے کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کئے پولیس ایجوکیشن سمیت دیگر محکموں میں خالی آسامیوں پر بھرتیوں سے بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

سابق وزیر اعظم میر ظفر اللہ خان جمالی کیلئے جدہ قونصلیٹ میں تعزیتی ڈیسک قائم

مختلف شخصیات نے تعزیتی بک میں اپنے تاثرات درج کیئے

جدہ (پ ر) سابق وزیر اعظم پاکستان میر ظفر اللہ خان جمالی کی وفات پر جدہ میں واقعہ پاکستانی قونصلیٹ میں تعزیتی ڈیسک قائم مختلف ممالک کے سفراء کی پاکستانی قونصلیٹ آمد، سابق وزیر اعظم پاکستان میر ظفر اللہ خان جمالی کی وفات پر تعزیت اور اپنے تاثرات قلمبند بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

ہر دور میں صحافیوں کے قلم سے لکھے جانے والے سچ کو دبانے کی کوشش کی جاتی رہی ہے، مجاہد بوزدار

ملک کے ہر چھوٹے بڑے شہر سے تعلق رکھنے والے صحافی نے ظلم کے خلاف آواز بلند کی ہے

روہڑی (نامہ نگار) ہر دور میں صحافیوں کے قلم سے لکھے جانے والے سچ کو دبانے کی کوشش کی جاتی رہی ہے ملک کے ہر چھوٹے بڑے شہر سے تعلق رکھنے والے صحافی نے ظلم کے خلاف آواز بلند کی ہے اور مظلوم کا ساتھ دیا ہے ان خیالات کا اظہار روہڑی پریس کلب صدر مجاہد بوزدار نے بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

گوادر پسنی کی آرٹسٹ برادری کا نمائندہ وفد ساجد نوری کی قیادت میں ڈپٹی کمشنر گوادر میجر ریٹائرڈ عبدالکبیر سے ملاقات کر رہا ہے

میثاق جمہوریت جمہوری حکومتوں کے لئے تحفہ سلیکٹڈ حکومت کے لئے، حاجی علی مدد جتک

پیپلز پارٹی حقیقی جمہوریت پر یقین رکھتی ہے، صدر پیپلز پارٹی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ تبدیلی سرکار نے مہنگائی، بے روزگاری، عوام کے حقوق سلب کر کے تبدیلی کا وعدہ پورا کر دیا ہے سلیکٹڈ حکومت کا جلد ہی خاتمہ ہونے والا ہے میثاق جمہوریت جمہوری حکومتوں کے لئے تحفہ کہ سلیکٹڈ حکومت کے لئے، پی ڈی ایم بنانے میں پیپلز پارٹی کا اہم کردار تھا اسمبلیوں سے استعفوں سمیت پی ڈی ایم کے پلیٹ فارم سے جو بھی مشترکہ فیصلہ ہوا پیپلز پارٹی اس پر عمل کریگی یہ بات انہوں نے ہی کوئٹہ بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

ووٹ امانت، صحیح استعمال ہی لوگوں کی کامیابی کا راستہ ہے، عمران احمد

عوام اپنے ووٹ کے ذریعے مخلص افراد کے چناؤ سے صحیح معنوں میں ایماندار نمائندے کو منتخب کر سکتے ہیں

نصیر آباد (ش ن) ووٹر کے قومی دن کے موقع پر الیکشن کمیشن نصیر آباد کے زیر اہتمام ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب کے مہمان خصوصی ریجنل الیکشن کمشنر نصیر آباد ڈویژن عمران احمد تھے تقریب میں خواتین اقلیتی برادری مخصوص اہمیت کے حامل افراد سکولوں کے طلباء و طالبات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد شریک تھے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ریجنل بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

خیبر ٹیچنگ ہسپتال واقعہ میں تحقیقاتی کمیٹی نے ابتدائی انکوائری رپورٹ مکمل کر لی

ہسپتال ڈائریکٹر طاہر ندیم سمیت 7 افراد ذمہ دار قرار دیئے گئے ہیں، فوری طور پر معطل کر دیا گیا

پشاور (این این آئی) خیبر ٹیچنگ ہسپتال واقعہ میں تحقیقاتی کمیٹی نے ابتدائی انکوائری رپورٹ مکمل کر لی جس میں مجرمانہ انتظامی غفلت کا انکشاف کیا گیا ہے۔ پشاور میں خیبر ٹیچنگ اسپتال واقعہ میں تحقیقاتی کمیٹی نے ابتدائی انکوائری رپورٹ تیار کر لی۔ رپورٹ میں اسپتال ڈائریکٹر طاہر ندیم سمیت 7 افراد ذمہ دار قرار دیئے گئے ہیں جنہیں فوری طور پر معطل کر دیا گیا ہے۔ انکوائری کمیٹی میں انکشاف بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

زمیندار اس وقت مختلف مسائل سے دوچار ہیں، میر محمد اعظم ماندائی

زراعت کو تباہی کے باعث حکومت کے جانب سے زراعت کے فروغ و زمینداروں کو ریلیف کے لئے پراجیکٹ دیتی ہے

نوشکی (این این آئی) زمیندار ایکشن کمیٹی کے ضلعی صدر میر محمد اعظم ماندائی اور جنرل سیکرٹری حاجی شاہ زمان خان جمالدینی نے اپنے جاری کردہ بیان میں واٹر مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ نوشکی میں بے تحاشا کرپشن اور سیاسی اقربا پروری پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ الیکشن کمیشن ایف ایف سی کرپشن سمیت اعلیٰ تحقیقاتی ٹیموں سے ان فنڈز کے ضیاع سمیت سیاسی بندر بانٹ کی فوری نوٹس لینے بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

نئی امریکی حکومت ایران کو اربوں ڈالروں سے نوازے گی، ٹرمپ

نئی حکومت پیرس ماحولیاتی معاہدے میں بھی واپس آنا چاہتی ہے جو ہم پر بہت بڑا بوجھ ہوگا، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک مرتبہ پھر الزام عائد کیا ہے کہ نئی امریکی ڈیموکریٹ حکومت ایران کو اربوں ڈالر پیش کرے گی میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹرمپ نے مزید کہا کہ ان کی جیت کی صورت میں ایران کو فوری طور پر نئے جوہری معاہدے کے حوالے سے بات چیت کے لیے مذاکرات کی میز پر آنا تھا۔ ٹرمپ نے ڈیموکریٹس کی جانب اشارہ کرتے بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

اپوزیشن استعفے دینے میں جلد کرے ہم نے شیروانی کا آرڈر دے دیا ہے، حلیم عادل شیخ

پی ڈی ایم میں شامل تمام ایک دوسرے کے کاندھیں پر بھی چڑھ جائیں تو ان کا قد عمران خان کے برابر نہیں ہو سکتا

کراچی (این این آئی) پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما سندھ اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر حلیم عادل شیخ نے کہا ہے کہ اپوزیشن استعفے دینے میں جلد کرے ہم نے شیروانی کا آرڈر دے دیا ہے۔ عوام ان کرپٹ چوروں سے بے زار ہو چکے ہیں۔ پی ڈی ایم میں شامل تمام ایک دوسرے کے کاندھیں پر بھی چڑھ جائیں تو ان کا قد عمران خان کے برابر نہیں ہو سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

الیکشن کمیشن آزادانہ منصفانہ انتخابات منعقد کرتا رہا ہے، شاہ محمد جتوئی

الیکشن کمیشن آف پاکستان اپنی آئینی ذمہ داریوں کو پورا کرتے ہوئے آزادانہ، منصفانہ انتخابات منعقد کراتا رہا ہے

بلاشبہ شفاف جمہوری عمل ہی عوام کے منتخب شدہ نمائندوں کی ایوانوں میں پہنچانے کا ذریعہ ہے، ممبر الیکشن کمیشن

حب اسسٹنٹ کمشنر محمد احمد ظہیر سے جینئر اکم سپورٹ پروگرام کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر نجیب عطاء ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) قومی ووٹرز ڈے کے حوالے سے صوبائی الیکشن کمشنر کے دفتر میں تقریب منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی ممبر الیکشن کمیشن شاہ محمد جتوئی تھے دیگر شرکاء میں صوبائی الیکشن کمشنر محمد رزاق، جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر فیاض حسین مراد، سابقہ صوبائی الیکشن کمشنر سید اسلطان بایزید، محمد داؤد این ڈی پی، آصفہ و اشفاق میڈیکل سحر فاؤنڈیشن، مس شاہد و ترقی فاؤنڈیشن، یاسمین عورت فاؤنڈیشن، ڈائریکٹر الیکشن کمیشن محمد وسیم، طاہر حسن، عبدالقادر سمیت دیگر شامل تھے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ممبر الیکشن کمیشن شاہ محمد جتوئی نے کہا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان اپنی آئینی ذمہ داریوں کو پورا کرتے ہوئے بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

چین میں کوئلے کی کان میں زہریلی گیس کے اخراج سے 18 مزدور ہلاک

بیجنگ (این این آئی) چین میں کوئلے کی ایک کان میں زہریلی کاربن مونو آکسائیڈ کے اخراج سے 18 کان کن ہلاک ہو گئے۔ چین کے سرکاری خبر رساں ادارے کے مطابق کوئلے کی کان میں زہریلی گیس کے اخراج کا واقعہ چانگ کنگ میونسپلٹی میں پیش آیا۔ سرکاری میڈیا کے بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

پولیو مہم کی کامیابی کے لیے پیرا میڈیکس بھرپور کردار ادا کرتے ہیں، کامریڈ اللہ نور بلوچ

واہ جدین (این این آئی) آل پاکستان پیرا میڈیکس اسٹاف ایسوسی ایشن ضلع چاغی کے صدر کامریڈ اللہ نور بلوچ، سرپرست اعلیٰ حاجی گل یوسفزئی، سینئر نائب صدر ظفر اللہ نوتیزئی، فنانس سیکرٹری عزیز راسکوہی و دیگر نومنتخب کابینہ ممبران بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

جرائم کو 25 فیصد بجائیں ٹوٹل بجٹ کا 40 فیصد دیا جائے، غفار لانگو

بلوچستان کے سالانہ بجٹ پی ایس ڈی سے منسلک کیا جائیں، سلمان مرزا

کوئٹہ (این این آئی) ایڈیٹر کونسل جرائم رجسٹرڈ بلوچستان کا ایک اجلاس زیر صدارت عبدالغفار لانگو منعقد ہوا اجلاس میں سیکرٹری جنرل سلمان مرزا سعید احمد فیصل درانی قاسم خان محمد ملتان ایڑی وسیم احمد عابد شاہ محمد حنیف اسماعیل احمد زئی عبدالشکور سلمان خان محمد عالم اور دیگر ممبران نے شرکت کی اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ ہوا کہ میگزین کی کنٹرانٹس اور جرائم کو 25 فیصد بجائیں ٹوٹل بجٹ کا 40 فیصد دیا جائے تاکہ بلوچستان سے شائع ہونے والی جرائم اپنے پاؤں پر کھڑا ہو سکے انہوں نے مزید کہا بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

بنوں، کورونا سے بچاؤ کیلئے جاری آپریشن کے دوران ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر 484 شہریوں کو جرمانہ

بنوں (این این آئی) پچھلے تین دنوں سے کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے جاری آپریشن کے دوران ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے والے 484 شہریوں کو جرمانہ کیا گیا، آپریشن کے دوران ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے والے چار دکانوں کو سیل جبکہ نوٹل ایک لاکھ 71 ہزار 970 روپے جرمانہ کیا گیا ایڈیشنل اے سی شوکت علی نے ماسک نہ پہننے والے میڈیکل سٹورز مالکان کو بطور جرمانہ 50، 50 عدد ماسک عوام میں فری تقسیم کرنے کا جرمانہ کیا۔

خیبر پختونخوا کے تمام اضلاع میں قومی ووٹرز ڈے منایا گیا

صوبائی سطح پر سب سے بڑی تقریب صوبائی